CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com
جلد: 19 | بدھ، 8 جولائی 2026ء، 22 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 183

بیرونی حمایت یافتہ ہائبرڈ وارفیئر اور پروپیگنڈا مہم کا مضبوطی سے مقابلہ کریں گے

کشمیر پاکستان کی شہ رگ، اپنے حصے کا پانی یقینی بنائینگے

کور کمانڈرز کانفرنس

بھارتی بیانات پر تشویش: سندھ طاس معاہدے پر قومی سلامتی کمیٹی کی توثیق اور ہائبرڈ وارفیئر کا منہ توڑ جواب دینے کا اعلان

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کمانڈرز کو روایتی و غیر روایتی خطرات کے خلاف کثیر الجہتی منصوبے پر تیزی سے عملدرآمد کی ہدایت

جی ایچ کیو میں اہم ترین اجلاس: فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی سرکوبی اور کشمیریوں کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ

راولپنڈی (خصوصی نیوز رپورٹر، اے پی پی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت کور کمانڈرز کانفرنس نے کہا ہے کہ خطے میں پائیدار امن اور استحکام اسی صورت ممکن ہے جب افغان طالبان رجیم کے زیر کنٹرول علاقوں کو بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورکس کے استعمال سے روکا جائے، حکومت پاکستان کی ہدایات اور عوامی امنگوں کے مطابق پاکستان کے جائز حصے کے پانی کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے ہر ضروری اقدام کریںگے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) میں منعقد ہونے والی 276 ویں کور کمانڈرز کانفرنس کی صدارت کی۔ فورم نے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے (بقیہ نمبر 1)

پاک کرغزستان تعلقات مزید مضبوط بنانے کا عزم

صدر آصف زرداری اور صدر جیاروف نے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا

بشکیک (نیوز ڈیسک) صدر آصف علی زرداری اور کرغزستان کے صدر جیاروف نے پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، خصوصاً تجارت، معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ صدر آصف علی زرداری چار روزہ سرکاری دورے پر کرغزستان پہنچے ہیں، دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات کے بعد جاری مشترکہ اعلامیے میں پاک۔کرغز تعلقات میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا ا (بقیہ نمبر 2)

گجرات میں گھریلو ناچاقی پر بیوی پر شدید تشدد، شوہر گرفتار

گجرات (نیوز ڈیسک) گجرات کے علاقے جلالپور جٹاں میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی پر شدید تشدد کرتے ہوئے اس کے سر کے بال کاٹ دیے۔ خاتون پر تشدد کے اس افسوسناک واقعے کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) گجرات اختر فاروق نے فوری (بقیہ نمبر 4)

لاہور میں اہلیہ پر تشدد کیس میں ٹک ٹاکر علی حیدر آبادی گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) اہلیہ پر تشدد کیس میں ٹک ٹاکر علی حیدر آبادی کی عبوری ضمانت منظور کرتے ہوئے شامل تفتیش ہونے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی مقامی سیشن عدالت نے نامور ٹک ٹاکر علی حیدر آبادی کی اپنی اہلیہ پر تشدد کیس میں عبوری ضمانت منظور کر لی۔ عدالت نے ملزم کو قانون کے مطابق (بقیہ نمبر 3)

وزیر اعظم کی سمیڈا کو قرضے دینے کی ہدایت

شہباز شریف نے صنعتیں لگانے کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کا حکم دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے سمیڈا پر جائزہ اجلاس میں ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں ایس ایم ایز کو قرضوں کی فراہمی میں سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیر اعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے ہدایت دی کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کی صنعتوں کی استعداد کار بڑھانے بالخصوص کسانوں کی اجناس و پھلوں کی پراسیسنگ کیلئے انہیں آگاہی اور قرضے فراہم کرنے کے حوالے سے سہولت دی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کمرشل بینکوں کی چھوٹے و درمیانے درجے کی صنعتوں کو قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے خصوصی پراڈکٹس کی تیاری کی حوصلہ افزائی کی جائے، (بقیہ نمبر 5)

غزہ منصوبے پر حماس کا بڑا فیصلہ

اسرائیل نے ٹیکنوکریٹ حکومت کے قیام کے اعلان کو ڈرامہ قرار دے دیا

غزہ، قاہرہ (اے ایف پی، رائٹرز) حماس نے پیر کو اعلان کیا ہے کہ اس نے غزہ کی پٹی پر دو دہائیوں سے حکمرانی کرنے والے اپنے انتظامی ادارے کو تحلیل کر دیا ہے، جس کے بعد سول انتظام سنبھالنے کیلئے ٹیکنوکریٹک قومی کمیٹی کی حکومت کی راہ ہموار ہوگئی۔ حماس نے اس (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد ضلعی عدلیہ میں نئے ججز کی تعیناتی کا بڑا فیصلہ

اسلام آباد: (نیوز ڈیسک) وفاقی دارالحکومت میں مقدمات کی تیزی سے بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ضلعی عدلیہ میں نئے جج تعینات کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 6)

لیبیا کے حریف دھڑوں میں پاکستان کی ثالثی

اسلام آباد نے دونوں حکومتوں کے درمیان پاور شیئرنگ کا منصوبہ تیار کر لیا

اسلام آباد (رائٹرز) پاکستان نے لیبیا کے حریف مشرقی اور مغربی اقتدار کے مراکز کے درمیان خاموشی سے ثالثی شروع کر دی ہے۔ یہ ایک ایسی پاکستانی کوشش ہے جس کا پہلے اعلان نہیں کیا گیا تھا، اور اگر یہ کامیاب ہو جاتی ہے تو اس سے پاکستان کا سفارتی وقار مزید بڑھ جا (بقیہ نمبر 8)

آئل ٹینکر پر حملہ، ایران امریکہ الزامات

آبنائے ہرمز میں تجارتی جہاز کو نشانہ بنانے پر تنازع کھڑا ہوگیا

تہران، واشنگٹن: (ویب ڈیسک) آبنائے ہرمز اور خلیج عمان کے قریب ایک آئل ٹینکر پر ہوا ہے جس پر ایران اور امریکہ کے درمیان ایک بار پھر الزامات کا تبادلہ شروع ہو گیا ہے۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی نے نامعلوم ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ (بقیہ نمبر 9)

زیارت میں پولیس چوکی پر بڑا حملہ

نو اہلکار شہید جبکہ جوابی کارروائی میں پندرہ دہشت گرد مارے گئے

زیارت (نیوز ڈیسک) بلوچستان کے ضلع زیارت دہشت گردوں نے پولیس چوکی پر حملہ کر دیا جس سے 9 پولیس اہلکار شہید ہوگئے، جوابی کارروائی میں 15 دہشت گرد (بقیہ نمبر 10)

ملک سے دہشت گردی کا مکمل صفایا کریں گے

وزیر اعظم

2. وفاقی کابینہ اجلاس: گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر رنج کا اظہار، ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم

3. وزیر اعظم کا دورہ ترکیہ کے بعد کاروباری گروپوں سے روابط بڑھانے پر زور، سیکورٹی اداروں کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کے ترجیحی شعبوں میں اپنی سرمایہ کاری کا دائرہ مزید وسیع کریں۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف کا کہنا تھا کہ گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ چند روز قبل گروپ کیپٹن عاصم طارق کی شہادت کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، جس پر پوری قوم غمزدہ ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اپنے حالیہ دورہ ترکیہ کے دوران انہوں نے نمایاں ترک کاروباری گروپوں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں پاکستان میں توانائی، کان کنی، معدنیات اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ شہباز شریف نے بتایا کہ انہوں نے ترک کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ پاکستان کے ترجیحی شعبوں میں اپنی سرمایہ کاری کا دائرہ مزید وسیع کریں۔ دوسری جانب وزیر اعظم کا دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں میں کامیابی پر سیکورٹی (بقیہ نمبر 11)

وزیر اعلیٰ سندھ کا ذخیرہ اندوزوں کے خلاف نوٹس

مراد علی شاہ کا ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کریک ڈاؤن اور محکمہ خوراک کو ڈیجیٹل کرنے کا بڑا فیصلہ

سندھ کابینہ کا اجلاس: گندم کی مصنوعی قلت پر اظہار تشویش اور انٹیگریٹڈ ویٹ مینجمنٹ سسٹم کی منظوری

کراچی (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ ہاؤس میں سندھ کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں گندم کی صورتحال، ذخیرہ اندوزی، محکمہ خوراک میں اصلاحات اور مجوزہ قومی گندم پالیسی 2026-2030 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سندھ کو مالی سال 2026-27 کے دوران 15 لاکھ 90 ہزار ٹن گندم کی کمی کا سامنا ہے، جبکہ اوپن مارکیٹ میں گندم کی قیمت حکومتی امدادی نرخ 3 ہزار 500 روپے فی 40 کلوگرام سے تجاو (بقیہ نمبر 29)

ایئرپورٹ پر کسٹمز کی بڑی کارروائی، اسمگلنگ ناکام

دبئی سے آنے والے مسافروں سے کروڑوں روپے کے آئی فون برآمد ہوگئے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان کسٹمز کی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ ارائیول پر کارروائی میں بھاری مالیت کے موبائل فونز اور الیکٹرانک مصنوعات کی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ کسٹمز حکام کے مطابق 6 جولائی کو 20:12 بجے شب دبئی سے آنے والی ایئر بلیو کی پرواز پی ا (بقیہ نمبر 12)

پیوٹن اور زیلنسکی جنگ کا خاتمہ چاہتے ہیں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا انقرہ میں ترک ہم منصب کے ساتھ بڑا دعویٰ

انقرہ (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی جنگ کے خاتمے کیلئے ڈیل چاہتے ہیں۔ اپنے ترک ہم منصب رجب طیب اردوان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک سو (بقیہ نمبر 13)

چین میں سابق سرکاری عہدیدار کو سزائے موت

عدالت نے کروڑوں ڈالرز کی رشوت لینے پر مجرم کی جائیداد ضبط کر لی

بیجنگ: (ویب ڈیسک) چین کی ایک عدالت نے نانجنگ کے سابق اقتصادی ترقیاتی عہدیدار یانگ یولین کو تقریباً 30 سال کے دوران 325 ملین ڈالرز کی رشوت لینے کے جرم میں سزائے موت سنا دی۔ عدالت نے انہیں (بقیہ نمبر 14)

سی ٹی ڈی کو جدید ترین بنانے کا فیصلہ

وزیر داخلہ ضیاالحسن لنجار نے ہیڈ آفس کے دورے پر احکامات جاری کر دیے

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے کہا ہے کہ سی ٹی ڈی کو جدید اسلحہ اور تکنیکی سہولتوں سے مزید مستحکم کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے سی ٹی ڈی ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ سندھ کے سی ٹی ڈی ہیڈ آفس پہنچنے پر آئی جی سندھ (بقیہ نمبر 15)

یوکرینی حملوں میں اڑتیس روسی شہری جاں بحق

روسی سفیر نے ڈرون حملوں میں سینکڑوں افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق کر دی

ماسکو (نیوز ڈیسک) روسی وزارت خارجہ کے سفیر برائے خصوصی امور روڈیون میروشنیک نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران یوکرینی حملوں میں 38 روسی شہری، جن میں ایک بچہ بھی شامل ہے، جاں بحق ہوئے جبکہ 270 افراد (بقیہ نمبر 16)

کراچی میں نیگلیریا وائرس سے شہری جاں بحق

کورنگی کے رہائشی کی ہلاکت کے بعد رواں سال کا تیسرا کیس سامنے آگیا

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں "نیگلیریا" وائرس سے ایک اور شہری جان کی بازی ہار گیا، جس کے بعد محکمہ صحت اور شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں پانی میں پائے جانے والے خطرناک دماغ خور جرثومے (17)

عمران خان کی بہنیں دھرنے پر بیٹھ گئیں

لسٹ فراہم کرنے کے باوجود انتظامیہ نے جیل میں ملاقات کی اجازت نہیں دی

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں نے فیکٹری ناکے پر دھرنا دے دیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق عمران خان سے ملاقاتوں کا آج دن ہے، ایک دن قبل پی ٹی آئی کی جانب سے ملاقات کے لیے ناموں کی فہرست بھی اڈیالہ جیل کو دی گئی تھی تاہم حسب معمو (بقیہ نمبر 18)

عمران خان کی رہائی فورس میں بھاری رجسٹریشن

شفیع جان نے ساٹھ ہزار سے زائد ارکان کی شمولیت کا بڑا دعویٰ کر دیا

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) ترجمان خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی کے لیے بنائی جانے والی فورس کے لیے 60 ہزار سے زائد ارکان رجسٹرڈ ہو چکے، رہائی فورس سے متعلق جلد بڑی خبر سامنے آئے گی۔ ترجمان خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا کہ تنظیم سازی کے بغیر تحریک آگے نہیں بڑھ سکتی، تمام صوبائی صدور کی ذمہ داری ہے کہ تنظیمیں مکمل کریں، خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 19)

پنجاب میں ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی کا قیام

مریم نواز نے سرکاری اثاثوں کے تحفظ کیلئے اتھارٹی بنانے اور بے زمین خاندانوں کو زمین دینے کی منظوری دیدی

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا بڑا فیصلہ، پنجاب ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی قائم اور 30 ہزار غریبوں کو اراضی الاٹ کرنے کی منظوری



لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبائی وسائل کے مؤثر استعمال، ریونیو میں اضافے اور دیہی معیشت کی مضبوطی کیلئے اہم فیصلے کرتے ہوئے پنجاب میں ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی آف پنجاب (AMAP) کے قیام کی منظوری دے دی جبکہ اپنا کھیت، اپنا روزگار پروگرام کے تحت 30 ہزار بے زمین اور مستحق خاندانوں کو 20 سال کیلئے قابلِ کاشت سرکاری اراضی علامتی لیز پر دیدی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس (بقیہ نمبر 28)

نوکری کا جھانسا دے کر زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) نوکری کا جھانسا دے کر 20 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی قلعہ گجر سنگھ پولیس فوری موقع پر پہنچ گئی، قلعہ گجر سنگھ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو موقع سے گرفتار کر لیا۔ ملزم نے متاثرہ لڑ (بقیہ نمبر 30)

پنجاب میں ریکارڈ رفتار سے ترقیاتی منصوبے مکمل، نیا ریکارڈ قائم

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب میں ریکارڈ رفتار، اعلیٰ معیار اور تاریخی بچت کے ساتھ ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جا رہے ہیں، جس کے تحت صرف 75 دن میں 1129 سڑکیں مکمل کر کے قومی سطح پر ایک نیا ریکارڈ قائم کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر (بقیہ نمبر 31)

چین کے علاقے گوانگشی میں بارشوں سے ڈیم ٹوٹ گیا

بیجنگ (نیوز ڈیسک) چین کے علاقے گوانگشی کے دارالحکومت میں مسلسل موسلا دھار بارشوں کے باعث ایک ڈیم کی دیوار ٹوٹ گئی، جس کے بعد پانی کا بڑا ریلہ قریبی آبادیوں کی جانب بڑھ گیا۔ حکام نے ممکنہ بڑے سیلاب کے پیش نظر ہنگامی صورتحال نافذ کر (بقیہ نمبر 32)

دبئی انٹرنیشنل ہولی قرآن ایوارڈ کے نئے ایڈیشن کا باضابطہ اعلان

دبئی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کے نائب صدر، وزیر اعظم اور دبئی کے حکمران شیخ محمد بن راشد آل مکتوم نے دبئی انٹرنیشنل ہولی قرآن ایوارڈ کے نئے ایڈیشن کے آغاز کا اعلان کر دیا ہے۔ اس ایوارڈ کے تحت ایک بار پھر دنیا بھر سے بہترین اور خوبصورت آواز (بقیہ نمبر 33)

علیمہ خان کے خلاف کیس کی سماعت ملتوی

انسداد دہشت گردی عدالت نے نو جولائی کو فریقین سے دلائل طلب کر لیے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج سے متعلق مقدمے میں علیمہ خان کے خلاف کیس کی سماعت 9 جولائی تک ملتوی کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کیس کی سماعت کی۔ دورانِ سماعت علیمہ خان کی جانب سے فتح ا (بقیہ نمبر 34)

گھروں میں قائم ٹیوشن سینٹرز کی رجسٹریشن پر غور

سی او ایجوکیشن کا اکیڈمیز کے سروے میں توسیع کا اعلان، گھروں میں قائم ٹیوشن سنٹرز کی رجسٹریشن کا منصوبہ زیر غور

لاہور میں تعلیمی اداروں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، 744 کو نوٹسز جاری اور 167 غیر رجسٹرڈ سکول سیل کرنے کا حکم

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں محکمہ سکولز ایجوکیشن نے بھی اکیڈمیز اور ٹیوشن سنٹرز کے جاری سروے میں ایک ہفتے کی توسیع کر دی ہے جبکہ پہلی بار گھروں میں قائم ٹیوشن سنٹرز کی رجسٹریشن کیلئے بھی منصوبہ بندی شروع کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں محکمہ سکولز ایجوکیشن (بقیہ نمبر 36)

کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لاہور سے آنے والا مسافر انتقال کر گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لاہور سے آنے والا مسافر انتقال کر گیا۔ تفصیلات کے مطابق مسافر پارکنگ ایریا میں اچانک گر کر بے ہوش ہو گیا تھا، شہری کی اطلاع پر حکام اور ایمبولینس فوری موقع پر پہنچی تھی۔ سی اے اے ڈاکٹر نے معائنے کے بعد مسافر کے انتقال کی تصدیق کر دی جس کی شناخت محمد ارشد کے نام سے ہوئی۔ متوفی لاہور سے پی آئی اے کی پرواز پی کے 304 سے کراچی پہنچا تھا۔ متوفی پاکستان انٹرنیشنل ایئر (بقیہ نمبر 38)

جنوبی وزیرستان میں پہلی خاتون ڈی آر سی رکن

جنوبی وزیرستان: (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں پہلی مرتبہ ایک خاتون کو ڈسپیوٹ ریزولوشن کونسل (ڈی آر سی) کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ سماجی کارکن رضیہ محمود 17 رکنی ڈی آر سی میں شامل ہونے والی پہلی خاتون بن گئی ہیں جسے خواتین کی نمائندگی اور انصاف تک رسائی کے حوالے سے ایک اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ آر پی او ڈیرہ اسماعیل خان ریجن نے ڈی پی او ارشد خان کی سفارش پر 17 (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کیس میں وفاقی حکومت کو دو ہفتے مہلت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بلدیاتی انتخابات سے متعلق الیکشن کمیشن نے وفاقی حکومت کو دو ہفتوں کی مہلت دے دی۔ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق کیس کی سماعت الیکشن کمیشن میں ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں چار رکنی بینچ نے کی، سماعت کے (بقیہ نمبر 25)

پبی میں گھریلو تنازع پر فائرنگ سے باپ اور دو بیٹے جاں بحق

پبی (نیوز ڈیسک) جنگل کورونہ میں گھریلو تنازعہ خونریز تصادم میں تبدیل ہوگیا، فائرنگ کے نتیجے میں باپ اور اس کے دو بیٹے جاں بحق ہوگئے جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ابتدائی اطلاعات کے مطابق واقعہ گھریلو جھگڑے کے دوران پیش آ (بقیہ نمبر 26)

گوجرانوالہ میں ہسپتال سے فرار ملزم مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک

گوجرانوالہ (نیوز ڈیسک) سول ہسپتال سے دورانِ گرفتاری پولیس کو چکمہ دے کر فرار ہونے والا ملزم مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق صدر کا موٹکی پولیس نے چھجکی پل کے قریب ناکہ بندی کر رکھی تھی کہ اس دوران دو موٹر سائیکلوں پر سوار (بقیہ نمبر 27)

سندھ کابینہ کا ذخیرہ اندوزوں کے خلاف فیصلہ

شرجیل میمن نے گندم پالیسی پر تحفظات اور نئے ادارے کا اعلان کر دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ لاہور میں غیر ملکی خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی کے واقعے کی شخص نے مذمت کی اور پنجاب حکومت نے اس معاملے میں کارروائی کی ہے جب کہ ہر فرد اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہوتا ہے۔ کراچی میں سندھ کابینہ کے اجلاس (بقیہ نمبر 23)

گوجرانوالہ میں نو سالہ بچے کے اندھے قتل کا معمہ حل

گوجرانوالہ (نیوز ڈیسک) تھانہ واہنڈو کی حدود میں 9 سالہ بچے کے اندھے قتل کا معمہ پولیس نے محض 8 گھنٹوں میں حل کرتے ہوئے مقتول کے دادا کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کے نوٹس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے خصو (بقیہ نمبر 24)

سندھ پر کبھی سودا نہیں ہوگا، جنگ بھی کرنا پڑی تو کریں گے، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو کا گلگت بلتستان کے عوام کو آئینی حقوق دلوانے اور سردیوں سے پہلے بلدیاتی انتخابات کرانے کا اعلان

چیئرمین پیپلز پارٹی کا حق حاکمیت اور ملکیت دینے کا وعدہ، سندھ پر سودا نہ کرنے کا بڑا عزم

گلگت (نیوز ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان میں سیاست جھگڑے اور دشمنی کا دوسرا نام ہے، گلگت بلتستان کے عوام کی ہے، کے عوام کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، یہاں کے عوام کو آئینی حقوق دلوائے جائیں گے، جی بی (بقیہ نمبر 22)

عمران خان سے ملاقاتیں نہ کرانا باعثِ تشویش

بیرسٹر گوہر نے آزاد کشمیر الیکشن کے بائیکاٹ کی وجوہات بھی بتا دیں

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن کے بائیکاٹ کا فیصلہ وہاں کے حالات دیکھ کر کیا تھا۔ راولپنڈی اڈیالہ روڈ پر داہگل ناکے کے قریب صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 37 ہفتے گزر گئے عمران خان سے کسی کی ملاقات کی نہیں ہوئی، مسلسل تشویش بڑھ رہی ہے، یہ بات درست ہے کہ فیملی کی ملاقات کے حوالے سے بات چیت ہوئی تھی، گزشتہ ہفتے کی طر (بقیہ نمبر 21)

بھسین میں کبڈی میلے کے دوران چور متعدد افراد کو لوٹ کر فرار

بھسین (نیوز ڈیسک) نواحی علاقے بھسین میں منعقدہ کبڈی میلے کے دوران چور وارداتیں کر کے متعدد افراد کو لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق کبڈی میچ میں مہمانِ خصوصی کے استقبال کے دوران چوروں نے رش کا فائدہ اٹھاتے ہوئے متعدد افراد کی جیبیں صاف کر دیں۔ واردات کے دوران ایک لاکھ 94 ہزار روپے نقد اور دو موبائل فون چوری کر لیے گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ چوروں نے مہمانِ خصوصی کو بھی نہ بخشا اور انہیں بھی لوٹ لیا۔ واقعے کے (بقیہ نمبر 20)

الفاظ کے پیچھے چھپے جذبات

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

انسان کی زندگی میں بہت سی ایسی باتیں شامل ہیں جو ہم روزانہ بولتے اور سنتے ہیں، لیکن ان کے اصل معنی صرف الفاظ تک محدود نہیں ہوتے بلکہ ان کے پیچھے گہرے جذبات اور احساسات چھپے ہوتے ہیں۔ ہماری زبان میں محبت، غم، خوشی اور درد کو بیان کرنے کے لیے ایسے الفاظ استعمال ہوتے ہیں جو حقیقت میں ایک کیفیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص کہتا ہے کہ "کسی نے میرا دل توڑ دیا" تو حقیقت میں کسی نے جسمانی دل کو نقصان نہیں پہنچایا ہوتا، بلکہ یہ ایک جذباتی تکلیف کا اظہار ہوتا ہے۔ انسان کا دل صرف ایک جسمانی عضو نہیں بلکہ محبت، احساسات اور جذبات کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے۔ سائنس کے مطابق دل کا بنیادی کام جسم میں خون پہنچانا ہے جبکہ جذبات، یادیں اور احساسات کا تعلق دماغ اور انسانی نفسیات سے بھی ہوتا ہے۔ لیکن انسان صدیوں سے دل کو جذبات کی علامت کے طور پر استعمال کرتا آیا ہے کیونکہ دل اور احساسات کا تعلق انسان کے تجربات میں بہت گہرا محسوس ہوتا ہے۔ اسی طرح جب ایک دادی اپنے نواسوں سے کہتی ہیں کہ "میرا دل تم لوگوں نے چرا لیا ہے" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ واقعی کسی نے دل چرا لیا، بلکہ وہ اپنی محبت، شفقت اور بے پناہ پیار کا اظہار کر رہی ہوتی ہیں۔ انسانی زبان کا حسن یہی ہے کہ ایک چھوٹا سا جملہ بھی بہت بڑے جذبات کو بیان کر سکتا ہے۔ بعض اوقات الفاظ حقیقت سے زیادہ احساس کی ترجمانی کرتے ہیں اور انسان دوسرے کے جذبات کو سمجھ کر ان الفاظ کا مطلب جان لیتا ہے۔ اگر ہم قرآن کی زبان پر غور کریں تو وہاں بھی کئی مقامات پر ایسی تعبیرات ملتی ہیں جو انسان کے ظاہر کے ساتھ ساتھ اس کے باطن، سوچ اور روحانی کیفیت کو بیان کرتی ہیں۔ قرآن انسان کو صرف جسم نہیں بلکہ عقل، دل اور روح رکھنے والی مخلوق کے طور پر مخاطب کرتا ہے۔ قرآن میں "دل" کا ذکر کئی جگہ انسان کی اندرونی حالت، ایمان، سمجھ اور نیت کے معنی میں آتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی وجود صرف نظر آنے والی چیزوں تک محدود نہیں بلکہ اس کے اندر ایک ایسی دنیا بھی ہے جو محسوس تو ہوتی ہے مگر ہمیشہ دکھائی نہیں دیتی۔ اسی طرح جب مذہبی تعلیمات میں شیطان، فرشتوں یا غیبی معاملات کا ذکر آتا ہے تو یہ ان حقیقتوں کی طرف اشارہ ہوتا ہے جو انسان کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں۔ انسان کی نظر محدود ہے، وہ ہر چیز کو نہیں دیکھ سکتا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ چیز موجود نہیں۔ ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بھی کئی ایسی چیزوں پر یقین رکھتے ہیں جو نظر نہیں آتیں۔ مثال کے طور پر ہوا نظر نہیں آتی مگر ہم اسے محسوس کرتے ہیں، محبت نظر نہیں آتی مگر اس کے اثرات انسان کی زندگی بدل دیتے ہیں۔ فرشتوں کا تصور بھی اسی غیبی دنیا سے تعلق رکھتا ہے جس پر ایمان رکھنے والے لوگ یقین رکھتے ہیں۔ اسلامی عقیدے کے مطابق فرشتے اللہ کے حکم کے مطابق مختلف ذمہ داریاں انجام دیتے ہیں اور انسان کو یہ احساس دلاتے ہیں کہ زندگی صرف ظاہری دنیا تک محدود نہیں۔ اسی طرح رزق کے بارے میں بھی یہی سمجھا جاتا ہے کہ اس کا اصل اختیار اللہ کے پاس ہے۔ انسان کوشش کرتا ہے، محنت کرتا ہے اور اسباب اختیار کرتا ہے، لیکن بہت سے معاملات ایسے ہوتے ہیں جہاں انسان کو اندازہ ہوتا ہے کہ زندگی میں بہت کچھ اس کے اختیار سے باہر بھی ہے۔ انسان کا وجود صرف جسم کا نام نہیں۔ ایک طرف جسمانی وجود ہے جسے ہم دیکھ سکتے ہیں، جس میں درد، تھکن اور بیماری محسوس ہوتی ہے، جبکہ دوسری طرف انسان کی روح، سوچ، احساسات اور شعور ہیں جو نظر نہیں آتے لیکن انسان کی اصل شخصیت بناتے ہیں۔ جسمانی درد کو ہم فوراً محسوس کر لیتے ہیں کیونکہ وہ ظاہری ہوتا ہے، لیکن تنہائی، غم، محبت، خوف اور اندرونی تکلیف ایسی کیفیتیں ہیں جنہیں صرف محسوس کیا جا سکتا ہے، دیکھا نہیں جا سکتا۔ یہی فرق انسان کو ایک منفرد مخلوق بناتا ہے۔ انسان صرف گوشت اور ہڈیوں کا مجموعہ نہیں بلکہ احساسات، خیالات، خوابوں اور روحانی پہلوؤں سے بھرا ہوا ایک مکمل وجود ہے۔ دنیا میں بہت سی چیزیں ایسی ہیں جنہیں سائنس اپنے طریقے سے سمجھنے کی کوشش کرتی ہے، جبکہ مذہب انسان کو زندگی کے مقصد، اخلاق، روحانیت اور ان حقیقتوں کے بارے میں سوچنے کی دعوت دیتا ہے جو نظر سے اوجھل ہیں۔ ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ ہر بات کو صرف ظاہری معنی میں لینا ضروری نہیں ہوتا۔ زبان کے کئی الفاظ ایسے ہیں جو حقیقت کے بجائے احساس اور کیفیت بیان کرتے ہیں۔ جب کوئی کہتا ہے کہ "تم نے میرا دل جیت لیا" تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ کسی نے دل حاصل کر لیا، بلکہ اس کا مطلب محبت، اعتماد اور عزت حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح جب کوئی کہتا ہے کہ "میرا دل ٹوٹ گیا" تو وہ اپنے اندر کے درد کو بیان کر رہا ہوتا ہے۔ یہ درد جسم پر نظر نہیں آتا لیکن انسان کے رویے، سوچ اور زندگی پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔ انسان کی زندگی میں جسم اور روح دونوں کی اہمیت ہے۔ جسم کی دیکھ بھال کے لیے علاج، آرام اور صحت ضروری ہے جبکہ روح اور دل کی مضبوطی کے لیے محبت، اچھے اعمال، امید اور مثبت سوچ ضروری ہے۔ زندگی کا حسن اسی توازن میں ہے کہ انسان دنیاوی حقیقتوں کو بھی سمجھے اور اپنی اندرونی دنیا کو بھی پہچانے۔ صرف ظاہری چیزوں پر توجہ دینے سے انسان اپنی شخصیت کے ایک بڑے حصے کو نظر انداز کر دیتا ہے۔ انسان جتنا زیادہ سوچتا اور سیکھتا ہے، اتنا ہی اسے احساس ہوتا ہے کہ کائنات کتنی وسیع ہے اور انسانی سمجھ کتنی محدود۔ بہت سی حقیقتیں ایسی ہیں جو وقت کے ساتھ انسان پر واضح ہوتی جاتی ہیں۔ جو چیز نظر نہیں آتی وہ لازماً غیر موجود نہیں ہوتی۔ کچھ حقیقتیں آنکھوں سے نہیں بلکہ عقل، احساس، تجربے اور یقین کے ذریعے سمجھی جاتی ہیں، اور یہی انسانی زندگی کی گہرائی ہے۔

معذرت کے ساتھ

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

کبھی کسی مزدور کے پھٹے ہوئے ہاتھوں کو غور سے دیکھیے، کسی کسان کے دھوپ سے جھلسے ہوئے چہرے پر برسوں کی محنت کا نوحہ پڑھیے، کسی بیوہ ماں کی خاموش آنکھوں میں اترتی ہوئی تنہائی کو محسوس کیجیے، کسی یتیم بچے کی ادھوری خواہشوں کی چاپ سنیے، کسی بے روزگار نوجوان کے چہرے پر جمی ہوئی بے بسی کو پڑھیے، کسی طالب علم کو ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے بند دروازوں پر دستک دیتے دیکھیے، کسی سرکاری ملازم کو مہنگائی کے سامنے اپنی تنخواہ کی بے وقعتی پر کڑھتے دیکھیے، کسی نجی ملازم کو ملازمت کے عدم تحفظ میں ہر روز جیتے اور مرتے دیکھیے، کسی ریٹائرڈ بزرگ کو عمر بھر کی جمع پونجی کو مہنگائی کی نذر ہوتے دیکھیے، کسی بیمار باپ کو دوا اور بچوں کی فیس کے درمیان فیصلہ کرتے دیکھیے، کسی ماں کو خالی برتنوں کے درمیان بچوں کو تسلی دیتے دیکھیے، کسی بہن کو جہیز کی رسموں کے بوجھ تلے اپنی جوانی سمٹتے دیکھیے، کسی بیٹی کو تعلیم، عزت اور محفوظ مستقبل کے خواب آنکھوں میں سجائے فکرمند دیکھیے، کسی چھوٹے دکاندار کو گاہکوں کے انتظار میں ویران دکان کے دروازے پر نظریں جمائے دیکھیے، کسی صنعت کار کو بڑھتی لاگت اور گھٹتے کاروبار کی فکر میں گھلتے دیکھیے، کسی مریض کو ہسپتال کے برآمدے میں علاج کا منتظر دیکھیے، کسی پنشنر کو اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے حساب لگاتے دیکھیے، کسی معذور شخص کو سہولتوں سے محروم زندگی کا بوجھ اٹھاتے دیکھیے، اور پھر اپنے دل سے پوچھیے کہ آخر اس ملک کا عام آدمی کس جرم کی سزا کاٹ رہا ہے؟ اگر اس کے بعد بھی دل میں درد کی ایک لہر نہ اٹھے تو شاید ہم نے صرف انسانوں کو نہیں، انسانیت کو بھی محسوس کرنا چھوڑ دیا ہے۔ پاکستان کا عام شہری آج صرف مہنگائی، بے روزگاری اور غیر یقینی حالات سے نہیں لڑ رہا، بلکہ اسے یہ احساس بھی ستا رہا ہے کہ ریاست کے ہر ستون سے اس کی توقعات بڑھتی ہیں، مگر اس کی مشکلات کم ہونے کے بجائے بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ ریاست کے تمام ادارے بی پارلیمان، حکومت، عدلیہ، مسلح افواج، پولیس، سول بیوروکریسی، احتسابی ادارے، مقامی حکومتیں اور دیگر قومی ادارے بی آئین کے مطابق ملک کی خدمت اور عوام کے تحفظ کے لیے قائم کیے گئے ہیں۔ جب یہ ادارے مؤثر، شفاف اور اپنی آئینی حدود میں کام کرتے ہیں تو عوام کا اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ لیکن جب سیاسی کشمکش، انتظامی کمزوریاں، بدعنوانی، تاخیر، ناقص حکمرانی یا اختیارات کے استعمال پر سوالات جنم لیتے ہیں تو اس کا سب سے بڑا بوجھ عام شہری کے کندھوں پر آ پڑتا ہے۔ آج سوال یہ نہیں کہ قصور کس ایک ادارے کا ہے؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہر ادارہ اپنی آئینی ذمہ داری پوری دیانت، شفافیت اور جواب دہی کے ساتھ ادا کر رہا ہے؟ اگر جواب مکمل اطمینان بخش نہیں، تو پھر اصلاح کی ضرورت بھی سب کو ہے۔ عوام کو نہ اداروں کی باہمی کشمکش سے غرض ہے، نہ سیاسی نعروں سے؛ انہیں صرف امن، انصاف، روزگار، تعلیم، علاج اور باوقار زندگی چاہیے۔ ریاست کی اصل طاقت اس کے ادارے ضرور ہوتے ہیں، مگر ریاست کی اصل روح اس کے عوام ہوتے ہیں۔ اگر عوام ہی مایوسی، اضطراب اور معاشی دباؤ کا شکار ہوں تو ترقی کے تمام دعوے ادھورے رہ جاتے ہیں۔ اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ تمام ادارے آئین کی روح، قانون کی حکمرانی اور باہمی تعاون کے ساتھ عوامی فلاح کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ آج پاکستان کا عام آدمی جب صبح اپنے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے ذہن میں خوابوں سے زیادہ خدشات ہوتے ہیں۔ اسے معلوم نہیں ہوتا کہ شام تک آٹے، چینی، گھی، بجلی، گیس یا پٹرول کی قیمت کہاں پہنچ جائے گی۔ اسے یہ فکر کھائے جاتی ہے کہ اگر وہ بیمار ہو گیا تو علاج کہاں سے کرائے گا، اگر اس کا بچہ اعلیٰ تعلیم حاصل بھی کر لے تو کیا اسے روزگار ملے گا، اور اگر انصاف کے لیے کسی دروازے پر دستک دے تو کتنے برس اس کی زندگی انتظار کی نذر ہو جائیں گے۔ یہ ملک وسائل سے محروم نہیں، صلاحیتوں سے خالی نہیں، قربانی دینے والے عوام سے بھی تہی دامن نہیں۔ اس سرزمین نے جنگیں بھی دیکھی ہیں، قدرتی آفات بھی برداشت کی ہیں، دہشت گردی کا مقابلہ بھی کیا ہے، اور ہر بحران میں اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی بھی رہی ہے۔ مگر آج یہی عوام یہ سوال پوچھنے پر مجبور ہیں کہ ان کی مسلسل قربانیوں کا صلہ آخر کب ملے گا؟ ریاست کا ہر ادارہ اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ پارلیمان قانون سازی کے لیے، حکومت انتظام و انصرام کے لیے، عدلیہ انصاف کی فراہمی کے لیے، مسلح افواج قومی سلامتی کے لیے، پولیس شہریوں کے تحفظ کے لیے، سول بیوروکریسی عوامی خدمت کے لیے، اور احتسابی ادارے شفافیت کے لیے وجود رکھتے ہیں۔ جب ان میں سے کسی ایک کی کارکردگی کمزور پڑتی ہے تو اس کا اثر پورے نظام پر پڑتا ہے، اور جب متعدد شعبوں میں کمزوریاں جمع ہونے لگیں تو سب سے زیادہ تکلیف عام شہری کو اٹھانی پڑتی ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ہر بحران میں قربانی عوام سے مانگی جاتی ہے۔ بجلی مہنگی ہو تو عوام برداشت کریں، ٹیکس بڑھیں تو عوام ادا کریں، مہنگائی آئے تو عوام صبر کریں، روزگار کم ہو تو عوام خود کو حالات کے مطابق ڈھالیں۔ مگر عوام جب یہ پوچھیں کہ ریاستی کارکردگی میں بہتری کب آئے گی، شفافیت کب بڑھے گی، اور جواب دہی سب کے لیے یکساں کب ہوگی، تو ان سوالات کا جواب اکثر ہندلا دکھائی دیتا ہے۔ ایک مزدور کی ساری زندگی مشقت میں گزر جاتی ہے، لیکن وہ اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کا خواب پورا نہیں کر پاتا۔ ایک کسان سارا سال زمین سے رزق اگاتا ہے، مگر اپنے ہی گھر میں معاشی تنگی کا شکار رہتا ہے۔ ایک سرکاری ملازم مہنگائی کے سامنے بے بس ہے، ایک نجی ملازم ملازمت کے عدم تحفظ سے خوف زدہ ہے، اور ایک نوجوان ڈگری ہاتھ میں لیے مستقبل کے دروازے کھٹکھٹا رہا ہے۔ یہ وہ تصویریں ہیں جنہیں کسی ایک فرد یا ایک ادارے سے نہیں، بلکہ مجموعی حکمرانی کے معیار سے جوڑ کر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ قومیں صرف مضبوط عمارتوں، شاہراہوں اور منصوبوں سے نہیں بنتیں، بلکہ انصاف، اعتماد اور امید سے بنتی ہیں۔ اگر ایک عام شہری اپنے ہی ملک میں خود کو غیر محفوظ، غیر سنا ہوا یا مسلسل مشکلات میں گھرا محسوس کرے تو ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ کمزور ہونے لگتا ہے۔ اس اعتماد کو بحال کرنا تمام اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ آخر میں یہی کہنا مناسب ہوگا کہ عوام کسی معجزے کا مطالبہ نہیں کرتے۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ ان کی محنت کا احترام ہو، ان کے ووٹ کی عزت ہو، ان کے بچوں کا مستقبل محفوظ ہو، قانون سب پر یکساں لاگو ہو، اور ہر ادارہ آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داری پوری دیانت اور احساسِ جواب دہی کے ساتھ ادا کرے۔ یہ سوال آج بھی فضاؤں میں گونج رہا ہے: "ہمارا کیا قصور ہے؟ ہمیں جینے کیوں نہیں دیتے؟" اس سوال کا جواب نعروں میں نہیں، بلکہ بہتر حکمرانی، مؤثر اداروں، شفاف احتساب، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت میں پوشیدہ ہے۔ جس دن ریاست کے تمام ستون اپنے اپنے آئینی کردار کو پوری ذمہ داری سے نبھائیں گے، اسی دن شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک طالب علم، ایک ماں اور ایک بزرگ شہری کی آنکھوں میں مایوسی کی جگہ امید واپس آ جائے گی۔ یہی وہ دن ہوگا جب عوام محسوس کریں گے کہ واقعی انہیں جینے کا حق مل گیا ہے۔ ان شاید ایک مزدور، ایک کسان، ایک

شمر

تحریروں کی نگری

میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

تاریخ اسلام میں چند ایسے کردار ہیں جن کے نام ظلم، سنگ دلی اور اقتدار کی اندھی خواہش کی علامت بن چکے ہیں۔ انہی ناموں میں ایک نام شمر بن ذی الجوشن کا بھی ہے۔ اگرچہ شمر کی پوری زندگی مختلف سیاسی اور عسکری واقعات سے عبارت ہے لیکن دنیا اسے سب سے زیادہ واقعۂ کربلا کے حوالے سے جانتی ہے۔ تاریخ کے صفحات پر اس کا ذکر آتے ہی انسان کے ذہن میں ظلم، بے رحمی اور اخلاقی زوال کی تصویر ابھر آتی ہے۔ یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کسی تاریخی شخصیت کا مطالعہ جذبات سے ہٹ کر مستند روایات اور تاریخی مصادر کی روشنی میں کیا جانا چاہیے تاکہ واقعات کو ان کے اصل تناظر میں سمجھا جا سکے۔ شمر بن ذی الجوشن قبیلہ ہوازن کی ایک شاخ بنو عامر سے تعلق رکھتا تھا۔ بعض تاریخی روایات کے مطابق وہ ابتدائی دور میں مسلمان ہوا اور بعض جنگوں میں بھی شریک رہا لیکن وقت گزرنے کے ساتھ اس کی سیاسی وابستگیاں تبدیل ہوتی رہیں۔ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت میں جنگِ صفین میں اس کی موجودگی کا بھی ذکر ملتا ہے تاہم بعد کے حالات میں اس نے بنوامیہ کی حکومت کا ساتھ اختیار کیا اور اقتدار کے قریب رہنے کو ترجیح دی۔ یہی وہ موڑ تھا جہاں اس کی شخصیت پر سیاسی مفادات کا رنگ غالب آتا دکھائی دیتا ہے۔ سن 61 ہجری میں جب حضرت امام حسینؓ نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور کوفہ کی جانب روانہ ہوئے تو تاریخ نے ایک ایسا باب دیکھا جس نے ہمیشہ کے لیے حق اور باطل کی کشمکش کو ایک نئی معنویت عطا کر دی۔ کربلا کے میدان میں عبیداللہ بن زیاد کی جانب سے بھیجے گئے لشکر میں شمر بھی شامل تھا۔ متعدد تاریخی روایات کے مطابق وہ نہ صرف جنگ میں سرگرم کردار ادا کرتا رہا بلکہ اس نے عمر بن سعد پر سخت دباؤ بھی ڈالا کہ امام حسینؓ کے خلاف کارروائی میں کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ واقعۂ کربلا کی سب سے المناک روایت یہی ہے کہ امام حسینؓ کی شہادت کے وقت شمر کو ایک مرکزی کردار کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ اگرچہ مختلف تاریخی کتب میں تفصیلات میں معمولی اختلافات موجود ہیں، لیکن مسلم مورخین کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ شمر نے اس سانحے میں اہم کردار ادا کیا اور اسی وجہ سے اس کا نام تاریخ میں نفرت اور مذمت کی علامت بن گیا۔ یہی وجہ ہے کہ صدیوں گزرنے کے باوجود جب بھی کربلا کا ذکر ہوتا ہے تو شمر کا نام ظلم کے استعارے کے طور پر لیا جاتا ہے۔ کسی بھی معاشرے میں افراد کے کردار صرف ان کے اعمال سے نہیں بلکہ ان اعمال کے نتائج سے بھی پہچانے جاتے ہیں۔ شمر نے شاید وقتی اقتدار، انعام یا سیاسی قربت حاصل کرنے کی امید میں وہ راستہ اختیار کیا جو وقتی طور پر طاقتور طبقے کو مطلوب تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت کے مفاد میں تھا لیکن تاریخ نے اس کے نام کو عزت نہیں بلکہ بدنامی کے ساتھ محفوظ کیا۔ یہ تاریخ کا ایک اٹل اصول ہے کہ اقتدار عارضی ہوتا ہے جبکہ کردار ہمیشہ باقی رہتا ہے۔ اگر شمر کی شخصیت کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو اس میں کئی پہلو سامنے آتے ہیں۔ ایک پہلو سیاسی مفاد پرستی کا ہے، جہاں اقتدار کی خاطر اخلاقی اصولوں کو پسِ پشت ڈال دیا گیا۔ دوسرا پہلو شدت پسندی کا ہے، جہاں مخالف کو صرف شکست دینا کافی نہیں سمجھا گیا بلکہ ہر ممکن سختی اختیار کی گئی۔ تیسرا پہلو بصیرت کے فقدان کا ہے، کیونکہ تاریخ میں بعض فیصلے صرف اپنے وقت تک محدود نہیں رہتے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے بھی مثال بن جاتے ہیں۔ شمر ان حقیقت کو نہ سمجھ سکا کہ ایک لمحے کا فیصلہ صدیوں تک اس کے نام کے ساتھ جڑا رہے گا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ تاریخ کو صرف جذبات کی بنیاد پر نہیں بلکہ تحقیق کی روشنی میں پڑھنا چاہیے۔ مختلف مورخین نے شمر کے کردار اور اس کے اقدامات پر اپنی اپنی روایات نقل کی ہیں، تاہم اس بات پر تقریباً اتفاق پایا جاتا ہے کہ واقعۂ کربلا میں اس کا کردار منفی اور قابلِ مذمت تھا۔ اسی لیے اسلامی تاریخ، ادب اور عوامی شعور میں شمر ایک ایسے شخص کے طور پر یاد کیا جاتا ہے جس نے اقتدار کی خاطر اخلاقی اقدار کو نظر انداز کیا۔ آج کے دور میں شمر کی شخصیت صرف ایک تاریخی کردار نہیں بلکہ ایک علامت بن چکی ہے۔ جب کوئی شخص طاقت کے نشے میں انصاف کو پامال کرتا ہے، جب ذاتی مفاد کو حق پر ترجیح دیتا ہے یا جب ظلم کو اپنی کامیابی کا ذریعہ سمجھتا ہے تو لوگ اسے شمر کے کردار سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض شخصیات تاریخ سے نکل کر سماجی اور اخلاقی استعارے بن جاتی ہیں۔ واقعۂ کربلا نے دنیا کو یہ سبق دیا کہ ظلم وقتی طور پر غالب آ سکتا ہے لیکن اخلاقی فتح ہمیشہ حق کے حصے میں آتی ہے۔ شمر کا انجام اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ انسان اپنے منصب، دولت یا طاقت سے زیادہ اپنے کردار سے پہچانا جاتا ہے۔ اقتدار ختم ہو جاتا ہے حکومتیں بدل جاتی ہیں، مگر اعمال کا اثر تاریخ کے حافظے میں باقی رہتا ہے۔ اسی لیے شمر کا نام عزت، بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم، بے رحمی اور غلط فیصلوں کے انجام کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے۔ یہی تاریخ کا سب سے بڑا اور غیر متبدل فیصلہ بہادری یا قیادت کی علامت نہیں بلکہ ظلم،

قیادت، استحکام اور ابھرتا ہوا پاکستان

ضربِ مومن

واجد علی تونسوی
Wajidalitaunsvi2599@gmail.com

بین الاقوامی سیاست میں کسی بھی ریاست کی اہمیت صرف اس کی عسکری طاقت سے متعین نہیں ہوتی، بلکہ داخلی استحکام، مضبوط معیشت، مؤثر سفارت کاری، قومی یکجہتی اور بحرانوں سے نمٹنے کی صلاحیت بھی اس کے عالمی مقام کا تعین کرتی ہے۔ اکیسویں صدی میں قومی سلامتی کا تصور نمایاں طور پر تبدیل ہو چکا ہے۔ اب صرف سرحدوں کا دفاع ہی کافی نہیں سمجھا جاتا بلکہ اقتصادی استحکام، سماجی ہم آہنگی، داخلی امن، مضبوط ادارے، جدید ٹیکنالوجی اور فعال خارجہ پالیسی کو بھی قومی سلامتی کا لازمی حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ اسی تناظر میں گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان کی سلامتی پالیسی، علاقائی کردار اور سفارتی حکمتِ عملی پر نئی بحث جنم لے رہی ہے۔ جنرل سید عاصم منیر نے 29 نومبر 2022 کو چیف آف آرمی اسٹاف کی حیثیت سے پاک فوج کی قیادت ایسے وقت سنبھالی جب پاکستان کو بیک وقت متعدد چیلنجز کا سامنا تھا۔ مشرقی سرحد پر بھارت کے ساتھ کشیدگی برقرار تھی، مغربی سرحد پر دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا تھا، جبکہ اندرونِ ملک معاشی مشکلات، سیاسی تقسیم اور سماجی بے چینی ریاست کے لیے ایک بڑا امتحان بن چکی تھیں۔ ایسے حالات میں قومی سلامتی کو صرف عسکری نقطۂ نظر سے نہیں، بلکہ ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ اس حکمتِ عملی کا ایک بڑا امتحان 2025 میں اس وقت سامنے آیا جب مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے حملے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید کشیدگی پیدا ہوئی۔ بھارت نے پاکستان پر الزامات عائد کیے جنہیں پاکستان نے مسترد کرتے ہوئے شفاف اور غیر جانب دار تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ بعد ازاں دونوں ممالک کے درمیان فضائی، میزائل اور ڈرون کارروائیوں نے خطے میں تشویش کی لہر دوڑا دی اور عالمی برادری نے کشیدگی کم کرنے پر زور دیا۔ پاکستانی حکومت کے مطابق 10 مئی 2025 کو پاکستان نے بھارتی حملوں کے جواب میں آپریشن بنیان المرصوص شروع کیا، جسے وفاقی اور جوابی کارروائی قرار دیا گیا۔ چند روز تک جاری رہنے والی کشیدگی کے بعد مختلف دوست ممالک کی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ بعد ازاں وفاقی کابینہ نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی اور اس فیصلے کی وجہ آپریشن کے دوران ان کی قیادت کو قرار دیا۔ اسی تناظر میں حکومت نے مسلح افواج اور قومی یکجہتی کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے یومِ تشکر بھی منایا۔ ان واقعات کے بعد پاکستان کی دفاعی سفارت کاری بھی زیادہ متحرک دکھائی دی۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک تعاون، سعودی عرب، ترکی، آذربائیجان اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ اعلیٰ سطحی روابط، مشترکہ فوجی مشقیں اور دفاعی تعاون اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ پاکستان اپنی خارجہ پالیسی میں سلامتی اور اقتصادی تعاون کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حامی حلقوں کے نزدیک یہ پاکستان کے بڑھتے ہوئے علاقائی اثر و رسوخ کی علامت ہے، جبکہ بعض تجزیہ نگار اس کے دیرپا نتائج کو معاشی استحکام، سیاسی تسلسل اور ادارہ جاتی مضبوطی سے مشروط قرار دیتے ہیں۔ بیرونی محاذ کے ساتھ ساتھ داخلی سلامتی بھی پاکستان کے لیے ایک بڑا چیلنج رہی۔ تحریکِ طالبان پاکستان، بلوچستان میں سرگرم مسلح گروہوں اور دیگر شدت پسند عناصر کی کارروائیوں کے پیشِ نظر وفاقی حکومت نے 22 جون 2024 کو عزمِ استحکام کے نام سے قومی انسدادِ دہشت گردی حکمتِ عملی کی منظوری دی۔ حکومتی مؤقف کے مطابق اس کا مقصد صرف فوجی کارروائیاں کرنا نہیں بلکہ انٹیلی جنس اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر تعاون کو مزید مضبوط بنانا بھی تھا۔ اس پالیسی پر مختلف سیاسی جماعتوں اور مبصرین نے مختلف آراء کا اظہار کیا، تاہم حکومت نے اسے دہشت گردی کے خلاف قومی حکمتِ عملی کا اہم ستون قرار دیا۔ اسی دوران انٹیلی جنس بنیادوں پر متعدد کارروائیوں میں کئی دہشت گرد ہلاک یا گرفتار ہوئے، جبکہ سکیورٹی فورسز کے افسران اور جوانوں نے بھی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ قربانیاں اس حقیقت کی یاد دلاتی ہیں کہ داخلی امن صرف عسکری طاقت سے نہیں بلکہ قومی عزم، مضبوط اداروں، عوامی تعاون اور قانون کی مؤثر شمولیت کی سے بھی وابستہ ہوتا ہے۔ داخلی استحکام کے تناظر میں مذہبی ہم آہنگی کا پہلو بھی قابلِ توجہ رہا۔ مختلف مواقع پر جنرل بعد ازاں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مختلف مکاتبِ فکر کے علماء و مشائخ سے ملاقاتیں کیں، جن میں قومی اتحاد، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، دہشت گردی کے خلاف مشترکہ مؤقف اور امن و استحکام کے موضوعات زیرِ بحث آئے۔ حامی حلقے ان ملاقاتوں کو قومی سلامتی کی وسیع حکمتِ عملی کا حصہ قرار دیتے ہیں، جبکہ بعض مبصرین ان کے اثرات کا جائزہ طویل المدت تناظر میں لینے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ پاکستان جیسے مذہبی اور ثقافتی تنوع رکھنے والے معاشرے میں قومی اتحاد بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جب ریاستی ادارے مذہبی قیادت، سیاسی قوتیں اور عوام مشترکہ قومی مقاصد پر یکسو ہوں تو انتہا پسندی کے امکانات محدود ہونے لگتے ہیں۔ اسی لیے جدید ریاستیں قومی سلامتی کو صرف عسکری قوت تک محدود نہیں رکھتیں بلکہ سماجی ہم آہنگی، داخلی استحکام اور قومی یکجہتی کو بھی اس کا لازمی جزو سمجھتی ہیں۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں بھی پاکستان نے توازن برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ چین کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری، خلیجی ممالک کے ساتھ معاشی تعاون، ترکی اور آذربائیجان کے ساتھ دفاعی روابط اور وسطی ایشیا کے ساتھ اقتصادی روابط کے فروغ کی کوششیں اس امر کی نشاندہی کرتی ہیں کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ اگر یہ سفارتی اور دفاعی تعاون سرمایہ کاری، تجارت، توانائی اور صنعتی شراکت داری کی صورت میں مزید آگے بڑھتا ہے تو اس کے مثبت اثرات قومی معیشت پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس کے باوجود یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ کسی بھی ریاست کی عالمی حیثیت صرف عسکری کامیابیوں سے مستحکم نہیں ہوتی۔ مضبوط معیشت، شفاف طرزِ حکمرانی، سیاسی استحکام، آزاد ادارے، قانون کی بالادستی، معیاری تعلیم، سائنسی تحقیق اور ٹیکنالوجی میں ترقی وہ عوامل ہیں جو کسی بھی ملک کو مستقل عالمی وقار عطا کرتے ہیں۔ دفاعی کامیابیوں کے ساتھ اگر ان شعبوں میں بھی تسلسل کے ساتھ اصلاحات جاری رہیں تو پاکستان اپنے نوجوان انسانی وسائل، قدرتی وسائل اور اہم جغرافیائی محلِ وقوع سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے حامیوں کے مطابق ان کی قیادت میں دفاع، سفارت کاری اور داخلی سلامتی کو ایک جامع قومی حکمتِ عملی کے تحت آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی، جبکہ ناقدین اس کا جائزہ جمہوری اداروں، معاشی کارکردگی، سیاسی استحکام اور آئینی عمل کے تناظر میں لیتے ہیں۔ یہی اختلافِ رائے کسی بھی جمہوری معاشرے کی فکری پختگی اور صحت مند قومی مباحثے کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان کے پاس نوجوان آبادی، پیشہ ورانہ مسلح افواج، قدرتی وسائل اور انتہائی اہم جغرافیائی محلِ وقوع جیسے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ اگر قومی اتحاد، پالیسیوں کا تسلسل،

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) اداروں اور بے گناہ شہریوں کے شہدا کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان کی قربانیاں پاکستان کی سلامتی، اتحاد اور استحکام کی بنیاد ہیں۔ فورم نے ملک کی موجودہ سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا اور پاکستان کی مسلح افواج کی آپریشنل تیاری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور جنگی استعداد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ فورم نے اس بات پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ افغان طالبان رجیم کے زیر کنٹرول علاقوں کو بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد گروہ جن میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان شامل ہیں، پاکستان کے اندر دہشت گرد حملوں کی منصوبہ بندی اور کارروائیوں کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ فورم نے واضح کیا کہ خطے میں پائیدار امن اور استحکام اسی صورت ممکن ہے جب افغان طالبان رجیم کے زیر کنٹرول علاقوں کو بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورکس کے استعمال سے روکا جائے جس کی براہ راست ذمہ داری افغان طالبان رجیم پر عائد ہوتی ہے۔ فورم نے اس امر کا اعادہ کیا کہ پاکستان کو اپنے عوام کو دہشت گردی سے محفوظ رکھنے کا واضح حق حاصل ہے اور مسلح افواج آپریشن غضب للحق کے تحت افغان طالبان کے زیر کنٹرول علاقوں سے جنم لینے والی دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیاں جاری رکھیں گی۔ فورم نے عسکری کارروائیوں کے ساتھ ساتھ اس امر پر بھی زور دیا کہ شورش زدہ علاقوں میں فوری طور پر مضبوط حکومتی ڈھانچے قائم کیے جائیں جو عوامی خدمت اور فلاح و بہبود پر مبنی ہوں اور سیاسی سرپرستی میں پروان چڑھنے والے دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کا خاتمہ کریں۔ فورم نے اس بات کا نوٹس لیا کہ معرکہ حق میں دشمن کو جامع شکست کے بعد پاکستان کے خلاف بیرونی حمایت یافتہ ہائبرڈ وارفیئر اور گمراہ کن معلومات (ڈس انفارمیشن) کی مہمات میں اضافہ ہوا ہے تاکہ ملک میں بے چینی اور عدم استحکام پیدا کیا جا سکے۔ فورم نے ریاستی سرپرستی، مالی معاونت یا سہولت کاری کے ذریعے پراکسی عناصر کی حمایت کی شدید مذمت کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کیلئے ہائبرڈ حربوں اور ہر کوشش کا واضح حکمت عملی اور مضبوط عزم کے ساتھ مقابلہ کیا جائے گا۔ خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے فورم نے مکالمے، کشیدگی میں کمی اور علاقائی استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا۔ فورم نے تنازعات کے پرامن حل، بین الاقوامی قانون کے احترام اور مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے علاقائی تعاون کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ فورم نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارتی بیانات کا نوٹس لیتے ہوئے 24 اپریل 2025 کی قومی سلامتی کمیٹی کی ہدایات کی توثیق کی۔ فورم نے حکومت پاکستان کی ہدایات اور عوامی امنگوں کے مطابق پاکستان کے جائز حصے کے پانی کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے ہر ضروری اقدام اٹھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ فورم نے بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور یکطرفہ آبادیاتی تبدیلیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر پر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ فورم نے مسئلہ کشمیر پر پاکستان کی غیر متزلزل سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت کا اعادہ کیا اور اس بات پر زور دیا کہ خطے میں حقیقی اور پائیدار استحکام کا انحصار کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حق خود ارادیت دینے پر ہے۔ اپنے اختتامی کلمات میں چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور کمانڈرز کو ہدایت کی کہ جنگ کی بدلتی ہوئی نوعیت کے مطابق کشیر لجہتی (ملٹی ڈومین) تبدیلی کے منصوبے پر تیزی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ کمانڈرز ہر سطح پر اعلیٰ ترین معیار کی چوکسی، آپریشنل تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت برقرار رکھیں اور روایتی، غیر روایتی اور ہائبرڈ خطرات کیخلاف مربوط ردعمل کو یقینی بناتے ہوئے ہر قیمت پر پاکستان کی خودمختاری اور قومی مفادات کا تحفظ کریں۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

ورگزشتہ دسمبر میں کرغز صدر کے دورۂ پاکستان کے دوران طے پانے والے معاہدوں پر مؤثر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اعلیٰ سطح کے سیاسی رابطوں، پارلیمان، حکومتوں اور وزارتِ خارجہ کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا، انہوں نے تجارت، معیشت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں خصوصی توجہ کے ساتھ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری قائم کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ اعلامیے کے مطابق متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط بڑھانے کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کریں، اس کے علاوہ مشترکہ بین الحکومتی کمیشن اور ورکنگ گروپس کو مزید مؤثر بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک نے توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے، خصوصاً کاسا-1000 منصوبے پر مؤثر عمل درآمد کی اہمیت اجاگر کی، جسے وسطی اور جنوبی ایشیا کے درمیان توانائی رابطے کا اہم ذریعہ قرار دیا گیا۔ ملاقات میں کان کنی، زراعت، ٹیکسٹائل، ہلکی صنعت، حلال انڈسٹری، صحت، ادویات سازی، طبی تعلیم، ویکسین اور حیاتیاتی مصنوعات کی تیاری، ڈیجیٹل معیشت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سیاحت، بینکاری اور مالیاتی شعبے میں تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے وسطی اور جنوبی ایشیا کے درمیان تعاون اور روابط کے وسیع امکانات سے فائدہ اٹھانے کے لیے امن اور محفوظ ماحول ناگزیر ہے۔ وفود کی سطح پر مذاکرات سے خطاب کرتے ہوئے صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور کرغزستان کو مل کر ترقی کے نئے راستے تلاش کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ مذہبی، تاریخی اور ثقافتی رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں اور ماضی میں شاہراہِ ریشم کے ذریعے ایک دوسرے کے زیادہ قریب تھے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان مناسب قیمتوں پر اپنی مصنوعات کرغزستان کو فراہم کرنے کا خواہش مند ہے اور دونوں ممالک صنعت، تجارت اور دیگر شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

پولیس تفتیش کا حصہ بننے کی سخت ہدایت بھی جاری کی ہے۔ ٹک ٹاکر علی حیدر آبادی کے خلاف ان کی اہلیہ پر تشدد کرنے کے الزامات کے تحت مقدمہ درج ہے، جس میں گرفتاری سے بچنے کے لیے ملزم نے اپنے وکیل کے ذریعے سیشن عدالت میں دائرہ ضمانت کی درخواست پیش کی۔ عدالت نے ملزم کی عبوری ضمانت 14 جولائی تک منظور کرتے ہوئے پولیس کو ان کی گرفتاری سے روک دیا۔ عدالت نے ملزم کو حکم دیا ہے کہ وہ متعلقہ تھانے کی پولیس کے سامنے پیش ہو کر شاملِ تفتیش ہوں اور مقدمے کی انکوائری میں مکمل تعاون کریں۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی۔ ڈی پی او کے نوٹس پر صدر پولیس جلالپور جٹاں نے کارروائی کرتے ہوئے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا اور مرکزی ملزم شوہر، ساس اور اس کے ایک ساتھی کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں خاتون کا شوہر سراج قمر، ساس صغراں بی بی اور ان کا ساتھی زین اسلام شامل ہیں، جن سے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈی پی او اختر فاروق کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ خواتین پر تشدد کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ملزمان کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

چھوٹے و درمیانے درجے کی صنعتوں کو فیزیبلیٹی کی تیاری اور دیگر مراحل میں مدد فراہم کی جائے۔ ان کا کہنا تھا ایس ایم ایز کی ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات ضروری ہیں، سمیڈا نوجوان بشمول خواتین آنٹرپرنیورز کو چھوٹے و درمیانے درجے کی صنعتیں لگانے میں معاونت فراہم کرے۔ اجلاس کو سمیڈا کی جانب سے ایس ایم ایز کی سہولت کیلئے مختلف اقدامات پر بریفنگ دی گئی، اجلاس کو بتایا گیا کہ پاکستانی ایس ایم ایز کی عالمی منڈی تک رسائی اور برآمدات بڑھانے کیلئے رواں برس 700 ایس ایم ایز کی 16 ایونٹس میں شرکت یقینی بنائی گئی، اسکے ساتھ ساتھ 35 شہروں میں ایس ایم ایز کو مالی ضابطوں اور کاروبار کے حوالے سے ٹریننگ دی گئی، اجلاس کو سمیڈا کے تحت مختلف اقدامات پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ وزیر اعظم نے ایس ایم ایز کی قرضوں تک رسائی کیلئے سٹیٹ بینک اور کمرشل بینکوں کے ساتھ مل کر ایک جامع لائحہ عمل مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی، چاروں صوبوں کے چیف سیکریٹریز اور شعبے کے ماہرین نے بھی ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

ہائیکورٹ نے ضلعی عدلیہ میں نئے سول جج کی تقرری کا عمل شروع کرتے ہوئے سول جج اور فیملی خواتین سول جج کی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے 31 جولائی تک درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق بھرتیوں میں 50 فیصد کوٹہ پاکستان بھر کے امیدواروں جبکہ 50 فیصد کوٹہ اسلام آباد ڈومیسائل رکھنے والے امیدواروں کے لیے مختص ہوگا۔ اہلیت کے معیار کے مطابق امیدوار کے لیے کم از کم دو سال وکالت کا عملی تجربہ لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ درخواست گزار کی زیادہ سے زیادہ عمر 35 سال مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

اقدام کو امریکی حمایت یافتہ غزہ منصوبے کی جانب ایک مثبت پیش رفت قرار دیا، تاہم اسرائیل نے حماس کے اقدام کو محض ایک ''ڈرامہ'' قرار دے کر مسترد کر دیا۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ گیڈون ساعر نے حماس کے اعلان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنو کریٹ حکومت کے لیے جگہ بنانے کی حماس کی بظاہر آمادگی دراصل اس کے ہتھیار نہ ڈالنے کی کوشش ہے۔ انہوں نے ایکس پر لکھا کہ جب تک حماس کے پاس ہتھیار موجود ہیں، کوئی بھی شہری حکومت اسی کے احکامات کے مطابق کام کرے گی۔ یاد رہے حماس نے 2006 کے پارلیمانی انتخابات میں کامیابی کے بعد 2007 میں فلسطینی جماعت الفتح سے غزہ کا کنٹرول حاصل کیا تھا اور تب سے علاقے کا انتظام چلا رہی تھی۔ امریکی صدر ٹرمپ کے قائم کردہ بورڈ آف پیس کے تحت تشکیل دی گئی فلسطینی ٹیکنو کریٹک قومی کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ وہ غزہ کی انتظامی ذمہ داریاں سنبھالنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ کمیٹی کے سربراہ علی شعث نے کہا کہ ضروری وسائل اور اختیارات کی فراہمی کے ساتھ ہی کمیٹی اپنی قومی ذمہ داریاں ادا کرے گی۔ ادھر ٹرمپ کے قائم کردہ ''بورڈ آف پیس'' نے کہا ہے کہ غزہ کے انتظام کیلئے بنائی گئی ٹیکنو کریٹک کمیٹی کو حماس سے تمام اسلحہ اپنے قبضے میں لینا ہوگا۔ بیان میں کہا گیا کہ بنیادی اصول ایک اختیار، ایک قانون اور ایک ہتھیار ہے، جس کے تحت تمام ہتھیاروں کو غزہ کی قومی انتظامی کمیٹی کے کنٹرول میں لایا جانا چاہیے۔ گزشتہ سال اکتوبر میں غزہ میں حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی نافذ ہونے کے بعد حماس متعدد بار یہ کہہ چکی ہے کہ وہ روزمرہ حکومتی امور سے دستبردار ہونے کیلئے تیار ہے، تاہم اس کے ہتھیار ڈالنے کا معاملہ اب بھی حل طلب ہے۔ حماس کے سرکاری میڈیا دفتر کے سربراہ اسماعیل الثوابتہ نے بتایا کہ حکومتی ایمرجنسی کمیٹی کے سربراہ محمد الفرا نے باضابطہ طور پر اپنا استعفیٰ پیش کر دیا ہے۔ انتظامی اور حکومتی اختیارات کی منتقلی کو آسان بنانے کیلئے ایمرجنسی کمیٹی کو بھی تحلیل کر دیا گیا ہے تاکہ غزہ کی قومی انتظامی کمیٹی سول امور سنبھال سکے۔ یہ قومی کمیٹی امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے اکتوبر 2025 میں حماس اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کرانے کے بعد قائم کیے گئے بورڈ آف پیس کے تحت تشکیل دی گئی تھی۔ حماس نے کہا کہ وزارتیں اور ان میں تعینات اس کا عملہ بدستور اپنی جگہ کام کرتا رہے گا، انہوں نے کہا یہ اقدامات اس بات کا عملی ثبوت ہیں کہ ہم طے شدہ انتظامات پر سنجیدگی سے عمل کر رہے ہیں اور انتظامی اختیارات کی منتقلی کے عمل کو آسان بنانا چاہتے ہیں۔ حماس کے ترجمان حازم قاسم نے کہا کہ حماس نے ایک نیا قدم اٹھایا ہے اور اب وہ غزہ کی پٹی کا انتظام نہیں چلائے گی تاکہ اسرائیل کے پاس اپنی جارحیت اور نسل کشی کی جنگ جاری رکھنے کا کوئی جواز باقی نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ حماس امید کرتی ہے کہ غزہ کی قومی انتظامی کمیٹی جلد از جلد علاقے میں کام شروع کرے گی، جبکہ تنظیم حکومتی ذمہ داریاں اس کمیٹی کے حوالے کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے تاکہ وہ مؤثر انداز میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکے۔ حماس نے اسرائیل پر الزام عائد کیا کہ اس نے بارہا جنگ بندی کی خلاف ورزی کی ہے اور منصوبے کے دیگر حصوں پر بھی عمل نہیں کیا، جن میں اسرائیلی فوج کا غزہ سے انخلا بھی شامل ہے۔ حماس کا کہنا ہے کہ جب تک اسرائیل غزہ پر حملے بند نہیں کرتا، وہ ہتھیار نہیں ڈالے گی۔ فلسطینی جماعتوں نے حماس کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے قومی انتظامی کمیٹی کو عملی طور پر اختیارات منتقل کرنے کی جانب ایک سنجیدہ قدم قرار دیا۔ واضح رہے حماس اور دیگر فلسطینی دھڑے مصری ثالثوں کی موجودگی میں قاہرہ میں مذاکرات کے کئی دور کر چکے ہیں تاکہ جنگ بندی کے دوسرے مرحلے پر موجود اختلافات کو کم کیا جا سکے۔ جنگ بندی کے پہلے مرحلے میں حماس نے اپنے پاس موجود آخری اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا، جبکہ اسرائیل نے اس کے بدلے فلسطینی قیدیوں کو آزادی دی۔ دوسرے مرحلے میں حماس کے ہتھیار ڈالنے اور اسرائیلی فوج کے غزہ سے بتدریج انخلا کا منصوبہ شامل تھا، تاہم یہ مرحلہ کئی ماہ سے تعطل کا شکار ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے حالیہ مہینوں میں غزہ میں اپنی موجودگی مزید بڑھا دی ہے اور اطلاعات کے مطابق وہ تقریباً 70 فیصد علاقے پر کنٹرول حاصل کر چکی ہے۔ حماس کا موقف ہے کہ جب تک غزہ میں ایک بااختیار فلسطینی انتظامیہ قائم نہیں ہو جاتی، وہ اپنے اسلحے کا کوئی حصہ حوالے کرنے پر غور نہیں کرے گی۔ غزہ میں جنگ کے بعد انتظامی نظام کا مستقبل اب بھی دوسرے مرحلے پر عمل درآمد کیلئے جاری مذاکرات میں سب سے بڑا تنازع بنا ہوا ہے۔ اسرائیل ایک طرف حماس کی دوبارہ اقتدار میں واپسی کی مخالفت کرتا ہے، جبکہ دوسری جانب اس مرحلے پر رام اللہ میں قائم فلسطینی اتھارٹی کے براہِ راست غزہ کا انتظام سنبھالنے کی بھی مخالفت کر رہا ہے۔ غزہ کے محکمہ صحت کے مطابق پیر کو غزہ شہر کے تل الہوا علاقے میں ایک اپارٹمنٹ پر اسرائیلی فضائی حملے میں میاں بیوی شہید ہو گئے۔ اسرائیلی فوج نے کہا کہ اس حملے میں حماس کے کمانڈر فادی عاشور دغمش کو نشانہ بنا کر شہید کیا گیا۔ غزہ طبی حکام کے مطابق دو دیگر حملوں میں بے گھر افراد کے خیمے اور ایک گاڑی کو نشانہ بنایا گیا جس میں تین افراد شہید اور کم از کم 20 افراد زخمی ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

ے گا۔ پاکستان کی یہ شمولیت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب مبصرین مہینوں سے لیبیا میں سفارتی حل تلاش کرنے کے لیے امریکی قیادت میں کی جانے والی کوششوں کی نگرانی کر رہے ہیں۔ لیبیا 2011 میں نیٹو کی حمایت یافتہ بغاوت کے بعد جس میں معمر قذافی کا تختہ الٹ دیا گیا تھا، حریف مشرقی اور مغربی حکومتوں کے درمیان تقسیم ہے۔ پاکستان رواں سال امریکا اور ایران کے درمیان الگ سے ہونے والی ثالثی میں بھی مرکزی کردار ادا کر رہا ہے، جس کا سہرا ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے بار بار پاکستان کے سر باندھا گیا ہے۔ ایک پاکستانی ذریعہ نے بتایا کہ امریکا، اسلام آباد کے لیبیا میں اس کردار سے پوری طرح باخبر اور اس میں شامل ہے۔ دونوں ذرائع نے بتایا کہ اس کوشش کو سعودی عرب کی حمایت بھی حاصل ہے۔ گزشتہ سال اسلام آباد نے سعودی عرب کے ساتھ ایک باہمی دفاعی معاہدہ کیا تھا، اور سعودی عرب بھی طویل عرصے سے لیبیا میں اثر و رسوخ حاصل کرنے کا خواہشمند رہا ہے۔ دونوں پاکستانی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ کوششیں گزشتہ سال کے آخر میں شروع ہوئی تھیں اور لیبیا کے دونوں فریقین نے پاکستان سے اس شمولیت کی درخواست کی تھی۔ رائٹرز کے ساتھ شیئر کیے گئے ایک مجوزہ لیبیا ری یونیفیکیشن پلان (لیبیا اتحاد منصوبہ) کے خلاصے کے مطابق قومی اتفاق رائے کی حکومت اور صدارتی کونسل کے نام سے ایک ادارے کے تحت 36 ماہ کا عبوری پاور شیئرنگ (اقتدار کی شراکت داری) کا انتظام قائم کیا جائے گا۔ اس تجویز کے تحت جس کے بارے میں ایک پاکستانی ذریعہ نے بتایا کہ اس پر ابھی تفصیل سے بحث ہو رہی ہے۔ ایک عبوری حکومت قائم ہوگی جس میں اقوام متحدہ سے تسلیم شدہ اور مغرب میں قائم لیبیا کی گورنمنٹ آف نیشنل یونٹی کے عبدالحمید دبیبہ وزیر اعظم ہوں گے، اور مشرق میں قائم لیبین نیشنل آرمی کے نائب کمانڈر صدام حفتر صدارتی کونسل کے چیئرمین ہوں گے۔ معاملے سے واقف دو پاکستانی ذرائع نے بتایا کہ قطر اور ترکیہ ان فریقین میں شامل تھے جنہوں نے پاکستان کو اس ثالثی میں شامل ہونے کی ترغیب دی۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

متعلقہ آئل ٹینکر امریکی بحریہ کی حمایت سے آبنائے ہرمز میں عمان کے راستے سے گزرنے کی کوشش کر رہا تھا، جس کے بعد اسے نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مبینہ طور پر جہاز کو متعدد بار انتباہ کیا گیا تاہم اس نے ہدایات پر عمل نہیں کیا، اس دعوے کی ایران کے کسی سرکاری عہدیدار نے نہ تو تصدیق کی ہے اور نہ ہی تردید کی ہے۔ ایران ماضی میں یہ مؤقف اختیار کرتا رہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں عمان کی جانب سے گزرنے والے جنوبی بحری راستے پر سفر کرنے والے تمام جہازوں کو ایرانی فوج کے ساتھ پیشگی رابطہ اور ہم آہنگی کرنی چاہیے۔ دوسری جانب امریکی حکام نے ایران پر حملے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ خلیج عمان کے قریب ایک تجارتی آئل ٹینکر پر نامعلوم میزائل نما ہتھیار سے حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں جہاز میں آگ لگ گئی۔ امریکی خبر رساں ادارے ایگزیوس کے مطابق دو امریکی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی فوج نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں پر کم از کم دو میزائل داغے۔ امریکی حکام کا مزید کہنا ہے کہ ایک دوسرا تجارتی جہاز بھی حملے کی زد میں آیا، جس سے دونوں بحری جہازوں کو نمایاں نقصان پہنچا، تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ابھی تک اس واقعہ کی آزاد ذرائع سے تصدیق سامنے نہیں آئی، جبکہ ایران کی جانب سے امریکی الزامات پر بھی کوئی باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا گیا۔ ماہرین کے مطابق آبنائے ہرمز میں پیش آنے والا یہ واقعہ عالمی توانائی کی ترسیل اور سمندری تجارت کے لیے تشویش کا باعث بن سکتا ہے، کیونکہ دنیا کے خام تیل کا بڑا حصہ اسی اہم بحری گزرگاہ سے گزرتا ہے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

مارے گئے۔ ایس پی زیارت نے بتایا کہ زیارت کے علاقے کچ مانگی فیز تھری میں دہشت گردوں نے پولیس چوکی پر حملہ کیا، دہشت گردوں کے حملے میں 9 پولیس اہلکار شہید ہو گئے، شہداء میں دو ایس ایچ او بھی شامل ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شہداء میں ایس ایچ او مانگی محمد حسین اور ایس ایچ او کواس صحبت خان شامل ہیں، گزشتہ رات سے دہشت گردوں اور پولیس کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ جاری تھا۔ ایس پی زیارت نے بتایا کہ شہید اہلکاروں کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال زیارت منتقل کر دی گئیں، واقعہ کے بعد علاقے میں سکیورٹی فورسز اور پولیس کی نفری بڑھا دی گئی ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات شاہد رند کا کہنا تھا کہ ضلع زیارت کے علاقے منگی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کا مشترکہ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے، 15 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے گئے ہیں۔ شاہد رند کے مطابق آپریشن میں ایف سی، بلوچستان پولیس، سی ٹی ڈی، ایس او ڈبلیو اور اے ٹی ایف نے حصہ لیا، ڈی ایس پی غلام سرور سمیت 8 پولیس اہلکار دشوار گزار پہاڑی راستوں سے بحفاظت تھانہ کاچ پہنچ گئے، جبکہ کانسٹیبل رضوان کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو بلوچستان کے امن سے کھیلنے کی بھاری قیمت چکانا پڑی، ریاست پوری قوت سے دہشت گردوں کو جواب دے رہی ہے، دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیے۔ شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں، ہر حملے کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا، دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رہیں گی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے زیارت میں فتنہ الخوارج کی جانب سے پولیس چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور حملے میں شہید ہونے والے ایس ایچ او زسمیت پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا، شہداء کی بلندی درجات اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا بھی کی۔ کلیئرنس آپریشن میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے کارروائی میں 15 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر وزیر اعظم نے سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے حملے نے ایک مرتبہ پھر سے ثابت کر دیا کہ یہ لوگ بلوچستان کی ترقی و امن اور عوام کی خوشحالی کے دشمن ہیں، شہداء کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی، ان کے خون کا حساب لیا جائے گا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ کسی کو بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، امن دشمن دہشت گردوں کے سدباب تک ان کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زیارت کے علاقے میں 15 بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر پولیس کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے اپنی جانیں قربان کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچانے پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ قوم اور فورسز بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کی امن سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے دہشت گردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں پوری قوم متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ درحقیقت پاکستان کی بقا، امن اور استحکام کی جنگ ہے، جس میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ 15 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر فورسز مبارکباد کی مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی ادارے بھرپور عزم اور قربانیوں کے ساتھ فرائض انجام دے رہے ہیں۔ شہباز شریف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ دن دور نہیں جب ملک سے دہشتگردی کا مکمل صفایا کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور سکیورٹی ادارے امن و استحکام کے قیام کے لیے متحد ہیں اور دہشتگرد عناصر کے مذموم عزائم ہر صورت ناکام بنائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) ے 111 کی پری اسکیننگ کی گئی، ابتدائی اسکیننگ کے دوران الیکٹرانکس مصنوعات پر مشتمل دو مشکوک سوٹ کیسز کی نشاندہی ہوئی۔ کسٹمز حکام کی جانب سے ان سوٹ کیسوں کی تلاشی لی گئی تو ان سے 4 آئی فون 17 پروممیکس، 10 میک بک پرو اینڈ ایئرز، 8 آئی پیڈز، 16 جدید ایپل واچز، میگ سیف چارجرز اور 21 پرفیومز برآمد ہوئیں۔ کسٹمز حکام کے مطابق برآمد ہونے والی اشیاء کی مالیت 01 کروڑ 20 لاکھ روپے ہے۔ حکام نے مقدمہ درج کر کے کسٹمز ایکٹ مجریہ 1969 کے تحت برآمد ہونے اشیاء کو ضبط کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

ال کے جواب میں بتایا کہ میری روسی صدر سے بات چیت ہوئی ہے، وہ رجب طیب اردوان کی بہت عزت کرتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ میری یوکرینی صدر سے بھی بات چیت ہوئی ہے، روسی اور یوکرینی صدور جنگ کے خاتمے کیلئے ڈیل چاہتے ہیں، میں نے اب تک 8 جنگیں رکوائی ہیں اور روس یوکرین جنگ بھی رکواؤں گا۔ امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ روسی اور یوکرینی صدور چاہتے ہیں کہ اب یہ جنگ ختم ہو، امید ہے کہ جلد روس اور یوکرین کے درمیان ڈیل ہو جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ ماہ روس یوکرین جنگ کے دوران 35 ہزار فوجی ہلاک ہوئے، جنگ میں جتنی اموات ہو رہی ہیں یہ پاگل پن ہے۔ 'روس یوکرین جنگ سے امریکا کو کوئی فرق نہیں پڑتا، اس میں لوگ مر رہے ہیں مجھے ان کی فکر ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان جدید ٹیکنالوجی اور ڈرون سے جنگ ہو رہی ہے۔ یہ جو قتل و غارت ہو رہی ہے اس کو روکنا پڑے گا۔' ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ امریکی وزیر جنگ کہا روس یوکرین جنگ میں جو رہا ہے ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ ایک اور سوال کے جواب میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ترک صدر کی بدولت شامی صدر احمد الشراع کے ساتھ ہمارے تعلقات بہت اچھے ہیں۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

رشوت لینے، سرکاری فنڈز میں خردبرد کرنے، رشوت دینے، عوامی رقوم کے غلط استعمال کرنے، اختیارات کے ناجائز استعمال اور منی لانڈرنگ کا بھی مجرم قرار دیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق 1993ء سے 2023ء کے درمیان یانگ یولین نے منصوبوں کی منظوری، کاروباری سہولت، زمین کی الاٹمنٹ اور سرمایہ فراہم کرنے کے بدلے بھاری رقوم اور قیمتی اثاثے وصول کیے۔ عدالت کے مطابق ملزم نے اپنے آخری بیان میں جرم کا اعتراف کرتے ہوئے ندامت کا اظہار کیا تھا۔ مقدمے کی سماعت مارچ اور اپریل میں ہوئی جبکہ عدالت نے ان کی تمام ذاتی جائیداد ضبط کرنے اور رشوت کی مکمل رقم واپس لینے کا بھی حکم دیا ہے۔ حالیہ برسوں کے دوران چین میں بدعنوانی کے مقدمات میں سزائے موت سنانے کا یہ ایک نمایاں کیس ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق اس سے قبل 2021ء میں لائی شیاؤ ژن اور 2024ء میں لی جیان پنگ کو بھی بدعنوانی کے مقدمات میں سزائے موت دی جا چکی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

جاوید عالم اوڈھو نے استقبال کیا۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی نے دہشت گردی کیخلاف کارروائیوں اور کارکردگی پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی، ایس ایس پیزی ٹی ڈی آپریشنز اور دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ وزیر داخلہ سندھ نے سی ٹی ڈی کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور کامیاب حکمت عملی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دستیاب اور درکار وسائل کی تفصیلات پر مشتمل جامع سفارشات جلد ارسال ک

آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے

میرٹ پر فوری حل اولین ترجیح، متعلقہ افسران کو بروقت کارروائی کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی اے) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ پولیس افسران کی فلاح و بہبود اور شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد نے سنٹرل پولیس آفس میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں شہریوں اور پولیس افسران نے اپنے مسائل پیش کیے آئی جی اسلام آباد نے تمام درخواستیں اور شکایات سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا بروقت اور میرٹ پر ازالہ یقینی بنایا جائے جبکہ کسی بھی شہری کو پولیس سے متعلق کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ بلا جھجک کھلی کچہری میں آسکتا ہے انہوں نے کہا کہ ان کے دروازے ہمیشہ شہریوں کے لیے کھلے ہیں آئی جی اسلام آباد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مقررہ مدت کے اندر درخواستوں کو میرٹ پر نمٹا کر رپورٹ سنٹرل پولیس آفس ارسال کی جائے انہوں نے تمام سب ڈویژنل پولیس افسران اور تھانہ ایس ایچ اوز کو بھی ہدایت کی کہ وہ دفاتر میں مقررہ اوقات کی پابندی کریں شہریوں سے بروقت ملاقات کریں اور ان کے مسائل فوری طور پر حل کریں سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کو بہتر سہولتیں فراہم کرنے کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے انعقاد سے عوامی مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل میں نمایاں مدد مل رہی ہے

آٹھ طالبات کے اعزاز میں تقریب کیک کاٹا گیا

راول وویکیشنل سینٹر میں کورس مکمل کرنے والی طالبات کو جلد اسناد دینے کا اعلان

راولپنڈی (پی پی اے) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی خصوصی ہدایت پر راول وویکیشنل سینٹر ڈھوک رتہ میں سلائی کمپیوٹر اور بیکنگ کے کورس مکمل کرنے والی طالبات کے اعزاز میں کیک کاٹنے کی خصوصی تقریب منعقد کی گئی تقریب میں راول وویکیشنل سینٹر ڈھوک رتہ کے سرپرست اعلیٰ خالد خان وومنز ونگ کی جنرل سیکرٹری نوشین کنول، انعم خالد اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی اس موقع پر بتایا گیا کہ راول وویکیشنل سینٹر میں ڈیڑھ سو سے زائد طالبات سلائی کمپیوٹر اور بیکنگ کے مختلف کورسز کر رہی ہیں جبکہ حال ہی میں آٹھ طالبات نے یہ کورسز کامیابی سے مکمل کیے ان کے اعزاز میں کیک کاٹا گیا اور ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا پاکستان عوامی قوت کے کوآرڈینیٹر ڈھوک رتہ ذیشان خالد خان نے کہا کہ کورس مکمل کرنے والی طالبات میں جلد اسناد تقسیم کرنے کے لیے ایک باوقار تقریب کا انعقاد بھی کیا جائے گا تقریب کے اختتام پر پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ کی جلد صحت یابی ملکی ترقی عوامی خوشحالی اور پارٹی کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

فاطمہ ثنا آئی سی سی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ میں شامل

آسٹریلیا کی چار کھلاڑیوں کو جگہ، سوفی مولینوکس ٹیم کی کپتان مقرر

دبئی (پی پی اے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ کا اعلان کر دیا، جس میں پاکستان ویمنز ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا کو بھی شامل کیا گیا ہے ٹیم آف دی ٹورنامنٹ میں ایونٹ کی فاتح آسٹریلیا کی چار کھلاڑیوں کو جگہ دی گئی ہے ان میں سوفی مولینوکس کو کپتان مقرر کیا گیا ہے، جبکہ بیتھ مونی ایلیس پیری اور ایشلے گارڈنر بھی ٹیم کا حصہ ہیں پاکستان کی کپتان فاطمہ ثنا کی عمدہ آل راؤنڈ کارکردگی کے اعتراف میں انہیں بھی ٹیم آف دی ٹورنامنٹ میں شامل کیا گیا ہے اعلان کردہ ٹیم میں انگلینڈ کی ڈینی وائٹ اور نیٹ سکیور برنٹ جنوبی افریقہ کی ماریزان کیپ آئرلینڈ کی اورلا پرینڈرگاسٹ بھارت کی شری چرنی اور سری لنکا کی نیلاکشیکا سلوا بھی شامل ہیں آئی سی سی نے اسکاٹ لینڈ کی ڈارسی کارٹر کو ٹیم کا بارہواں کھلاڑی نامزد کیا ہے

پولیو خاتمہ قومی ترجیح، وزیراعظم شہباز شریف

جنوبی خیبر پختونخوا کے پولیو ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت



اسلام آباد (پی پی اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کو قومی ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع اور پولیو ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دی جائے، جبکہ تمام متعلقہ ادارے اور شراکت دار انسدادِ پولیو کی مشترکہ کوششوں کو مزید تیز کریں انہوں نے یہ ہدایات پولیو نگرانی بورڈ کے سات رکنی وفد سے ملاقات کے دوران دیں وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کے مطابق وفد میں روٹری پولیو اوور سائیٹ بورڈ کے سربراہ مائیک میکلور گریگس فاؤنڈیشن کے صدر برائے گلوبل ڈویلپمنٹ کرس ایلائس عالمی ادارۂ صحت کی ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر حنان بلخی یونیسیف گاوی اور پاکستان میں انسدادِ پولیو کے دیگر شراکت دار اداروں کے نمائندے شامل تھے وزیراعظم نے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے حکومت پاکستان کے ساتھ تعاون پر تمام شراکت داروں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پاکستان کے بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے پولیو سے پاک پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جنوبی خیبر پختونخوا کے پولیو سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مؤثر حکمت عملی کے تحت خصوصی توجہ دی جائے وزیراعظم نے روٹری انٹرنیشنل گیٹس فاؤنڈیشن عالمی ادارۂ صحت یونیسیف گاوی کنگ سلمان ریلیف سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن امریکا اور دیگر شراکت داروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی وزیر صحت وزیر مملکت برائے صحت، فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو نیشنل کوآرڈینیٹر اور پوری حکومتی ٹیم کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں وفد نے پولیو فری پاکستان کے لیے حکومت کے مؤثر اقدامات اور نمایاں پیش رفت کو سراہتے ہوئے وزیراعظم کو خراجِ تحسین پیش کیا ملاقات میں وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو سینیٹر عائشہ رضا فاروق اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے

تنخواہ دار طبقے کیلئے ممکنہ ریلیف دیا محمد اورنگزیب

زرِمبادلہ کے ذخائر ساڑھے 8 ارب ڈالر ٹیکس نظام مزید آسان بنانے پر زور

کراچی (پی پی اے) وفاقی وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے مالی سال کے بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش کی اور اس حوالے سے جو ممکن تھا، وہ کیا گیا کراچی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ درمیانی مدت کی ٹیکس پالیسی تمام متعلقہ فریقوں سے مشاورت کے بعد مرتب کی جائے گی تاکہ ٹیکس نظام کو مزید مؤثر شفاف اور کاروبار دوست بنایا جاسکے انہوں نے بتایا کہ ملک کے زرِمبادلہ کے ذخائر تقریباً ساڑھے 18 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں جبکہ پانڈا بانڈ کا اجرا بھی کر دیا گیا ہے جو معیشت پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے وفاقی وزیرِ خزانہ نے اس موقع پر انویسٹ پاک پورٹل کا افتتاح بھی کیا اور کہا کہ حکومت کرپشن کے خاتمے اور ٹیکس نظام کو آسان اور جدید بنانے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ ہر ملک کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنی بین الاقوامی تجارت کو فروغ دے انہوں نے بتایا کہ قومی مالیاتی کمیشن این ایف سی ایوارڈ کے حوالے سے مشاورت جاری ہے اور اس سلسلے میں صوبوں کے تعاون کو سراہتے ہیں

افغان فاسٹ بولر شاپور زدران انتقال کر گئے

کینسر کے باعث 38 برس کی عمر میں انتقال، افغانستان کرکٹ سوگوار



کابل (پی پی اے) افغانستان کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر شاپور زدران 38 برس کی عمر میں انتقال کر گئے وہ کینسر کے مرض میں مبتلا تھے اور بھارت کے ایک مقامی اسپتال میں زیرِ علاج تھے افغانستان کرکٹ بورڈ نے شاپور زدران کے انتقال کی تصدیق کرتے ہوئے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے

راجہ محمد حنیف کی زیرِ صدارت انتخابی مشاورتی اجلاس

پی پی 17 میں ووٹر رابطہ مہم تیز، کارنر میٹنگز کے انعقاد کا فیصلہ

راولپنڈی (پی پی اے) چیئرمین وزیرِ اعلیٰ انسپکشن ٹیم پنجاب اور رکن پنجاب اسمبلی راجہ محمد حنیف کی زیرِ صدارت آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے آئندہ انتخابات کے سلسلے میں ایک اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی انتخابی حکمتِ عملی تنظیمی تیاریوں اور ووٹر رابطہ مہم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں پی پی 17 کے تمام چیئرمین اور وائس چیئرمین نے شرکت کی جبکہ پاکستان مسلم لیگ (ن) راولپنڈی سٹی کے جنرل سیکرٹری اور سابق رکن قومی اسمبلی حاجی پرویز احمد خان اور آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے امیدوار احمد رضا قادری بھی موجود تھے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے راجہ محمد حنیف نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کے لیے کارکنان اور عہدیداران بھرپور انداز میں متحرک ہوں انہوں نے ہدایت کی کہ پی پی 17 میں مقیم آزاد کشمیر کے ووٹرز سے گھر گھر رابطہ کیا جائے انہیں پارٹی کی کارکردگی اور منشور سے آگاہ کیا جائے اور انتخابی عمل میں بھرپور شرکت یقینی بنائی جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پی پی 17 کی ہر یونین کونسل میں چیئرمین اور وائس چیئرمین کی نگرانی میں الگ الگ کارنر میٹنگز منعقد کی جائیں گی ان نشستوں میں راجہ محمد حنیف اور امیدوار احمد رضا قادری خصوصی شرکت کریں گے جہاں ووٹرز سے براہِ راست ملاقاتیں انتخابی مشاورت اور پارٹی کا پیغام مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے خصوصی مہم چلائی جائے گی اجلاس کے شرکاء نے انتخابی مہم کو مزید منظم فعال اور مؤثر بنانے کے لیے باہمی رابطوں کو مضبوط کرنے اور ہر سطح پر کارکنان کو متحرک رکھنے پر اتفاق کیا اس موقع پر اس عزم کا اعادہ بھی کیا گیا کہ مربوط حکمتِ عملی مضبوط تنظیمی نیٹ ورک اور بھرپور عوامی رابطہ مہم کے ذریعے آزاد جموں و کشمیر کے آئندہ انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار احمد رضا قادری کی کامیابی کے لیے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی

بابر اور رونالڈو اکیلے ٹیم نہیں جتوا سکتے شعیب اختر

ٹرافی جیتنے کیلئے پوری ٹیم کا متحد ہو کر کھیلنا ضروری قرار

راولپنڈی (پی پی اے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے بابر اعظم اور کرسٹیانو رونالڈو کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں اپنی اپنی ٹیموں کے ایسے کھلاڑی ہیں جو ہر میچ میں بھرپور محنت کرتے ہیں تاہم صرف ایک کھلاڑی کے بل بوتے پر ٹیم کامیاب نہیں ہوسکتی شعیب اختر نے کہا کہ جیت کے لیے پوری ٹیم کا ایک یونٹ کی طرح کھیلنا ضروری ہوتا ہے ان کے مطابق بڑے کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار اسی وقت کر سکتے ہیں جب انہیں ساتھی کھلاڑیوں کا مکمل تعاون حاصل ہو انہوں نے کہا کہ ایک عظیم کھلاڑی میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت ضرور رکھتا ہے لیکن ٹرافی جیتنے کے لیے پوری ٹیم کی اجتماعی محنت اتحاد اور مسلسل اچھی کارکردگی بنیادی شرط ہے شعیب اختر کا کہنا تھا کہ بابر اعظم ہوں یا کرسٹیانو رونالڈو انفرادی کارکردگی اپنی جگہ اہمیت رکھتی ہے مگر حقیقی کامیابی اسی وقت حاصل ہوتی ہے جب پوری ٹیم ایک مقصد کے تحت متحد ہو کر میدان میں اترے

رونالڈو کا ورلڈ کپ خواب سپین نے چکنا چور کر دیا

پرتگال کی شکست کے بعد رونالڈو آبدیدہ ورلڈ کپ سفر ہمیشہ کے لیے اختتام پذیر

ٹیکساس (پی پی اے) پرتگال کے 41 سالہ کپتان اور عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کا فیفا ورلڈ کپ جیتنے کا خواب سپین کے خلاف پری کوارٹر فائنل میں 0-1 کی شکست کے ساتھ ہمیشہ کے لیے ادھورا رہ گیا امریکا کی ریاست ٹیکساس میں کھیلے گئے ٹاپ 16 مرحلے کے اس اہم مقابلے میں رونالڈو حریف دفاع کو توڑنے اور اپنی ٹیم کو کامیابی دلانے میں ناکام رہے

مانگا منڈی پولیس کا کریک ڈاؤن، پچیس اشتہاری گرفتار

ملزمان متعدد سنگین وارداتوں میں لاہور پولیس کو مطلوب تھے۔

مانگا منڈی پولیس نے کریک ڈاؤن کے دوران 25 روپوش اشتہاریوں کو گرفتار کیا اشتہاری چوری، دھوکہ دہی فراڈ خیانت مجرمانہ دھمکیاں اور بوگس چیک جیسی وارداتوں میں مطلوب تھے اشتہاریوں کی تلاش و گرفتاری کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا، ایس پی صدر گرفتار اشتہاریوں میں سرور شہزاد، عبدالرزاق، فاروق، بلال، صغیر حسین، سہیل، عقیل، حبیب، وحید، نوید بھٹی، شاہ جہاں، شہزاد، عثمان شوکت، اللہ دتہ، آصف رشید، عدنان لیاقت، امجد، آصف اور رشید وغیرہ شامل اشتہاریوں کو گرفتار کر کے متعلقہ انویسٹیگیشن پولیس کے حوالے کیا سب انسپکٹر اشرف نے ٹیم کے ہمراہ اشتہاریوں کو گرفتار کیا، ایس پی صدر اشتہاریوں کی گرفتاری پر سب انسپکٹر اشرف سمیت ٹیم کو شاباش، ایس پی صدر گرفتار اشتہاری لاہور کے مختلف تھانوں کو مطلوب تھے مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری کے ٹارگٹ کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ایس پی صدر شاہ رخ خان

حمزہ ہمایوں نے ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی کا چارج سنبھال لیا

سیکیورٹی پولیس رسپانس اور سیف سٹی نظام مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (پی پی اے) کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں نے بطور ایس ایس پی آپریشنز سیف سٹی اسلام آباد اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا چارج سنبھالنے کے بعد انہوں نے تمام برانچ انچارجز کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں سیف سٹی ڈویژن کی روزمرہ کارکردگی اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران ایس ایس پی آپریشنز نے سیف سٹی کیمروں کے ذریعے وفاقی دارالحکومت کی سیکیورٹی مزید مؤثر بنانے، جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی ان پر کڑی نظر رکھنے اور ان کے خلاف فوری کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی انہوں نے پکار-15 اور دیگر ہیلپ لائنز پر موصول ہونے والی کالز پر پولیس کے بروقت ردِعمل کو مزید بہتر بنانے شہریوں کو مؤثر رہنمائی فراہم کرنے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے فیلڈ افسران کو بروقت آگاہ رکھنے ٹریکر سسٹم کے ذریعے گشت کرنے والی پولیس گاڑیوں کی مؤثر نگرانی اور وائرلیس کنٹرول کے ذریعے فوری مواصلاتی رابطے کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں نے کہا کہ سیف سٹی کیمروں کے ذریعے شہریوں کو بہترین سہولتیں فراہم کرنا اور ان کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

جدہ میں محبتوں یادوں اور اخوت سے سجی یادگار محفل

شہباز حسین و چوہدری فاروق جاوید کا اوورسیز پاکستانیوں پر اتحاد سرمایہ کاری اور وطن کی خدمت پر زور

جدہ (محمد اکرم اسد) سابق وفاقی وزیر، کاروباری و سماجی شخصیت شہباز حسین چوہدری نے کہا ہے کہ دیارِ غیر میں رہتے ہوئے ہمیں سیاست سے بالاتر ہو کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے اور اپنے اچھے کردار سے اپنے دوسرے گھر سعودی عرب میں رہتے ہوئے جہاں ہمیں اپنے وطن کا نام روشن کرنا ہے وہیں دوطرفہ تعلقات میں اضافہ کے لئے بھی کام کرنا چاہئے اور مقامی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کرنا چاہئے جہاں اسوقت بہت زیادہ سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں وہ یہاں پاکستان سے عمرہ پر آئے ہوئے سابق اوورسیز پاکستانی و کاروباری شخصیت چوہدری فاروق جاوید کو دیئے گئے ڈنر میں بات چیت کر رہے تھے انہوں نے انہیں عمرہ کی ادائیگی اور روضہ رسول صلعم پر حاضری کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ انکا یہ روحانی سفر قبول فرمائے اس محبت بھری محفل میں چوہدری ممتاز اختر کاہلوں سابق چیئرمین نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کمیشن (NAVTEC) پاکستان بیرسٹر عبداللہ کاہلوں بزنس کمیونٹی کے سیکرٹری جنرل مہر عبدالخالق لک چوہدری محمد اکرم فیض چوہدری محمد آصف اور دیگر معزز احباب شریک تھے محفل کا آغاز جدہ میں گزرے ہوئے حسین دنوں پاکستانی کمیونٹی کی سرگرمیوں اور ان یادگار تقریبات کے تذکرے سے ہوا جنہوں نے ہم سب کو محبت اخوت اور باہمی احترام کے مضبوط رشتوں میں باندھے رکھا چوہدری فاروق جاوید نے اپنی پرانی یادیں تازہ کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری شہباز حسین کی مہمان نوازی ہمیشہ پاکستانی کمیونٹی میں ضرب المثل رہی ہے ان کا دسترخوان ہر وقت پاکستان سے آنے والے مہمانوں دوستوں اور کمیونٹی کے افراد کے لیے کھلا رہتا تھا وہ سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر سب کو محبت، عزت اور احترام کے ساتھ مدعو کرتے اور نہایت خلوص سے میزبانی کرتے۔ وفاقی وزیر بننے کے بعد بھی جہلم یا سعودی عرب سے جو شخص کسی جائز کام کے لیے ان کے پاس جاتا انہوں نے حتیٰ المقدور اس کی معاونت کی۔ اللہ تعالیٰ نے اس خاندان کو بے شمار عزتوں سے نوازا۔ ایک بھائی گورنر پنجاب کے منصب پر فائز رہے دوسرے بھائی چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ رہے اور خاندان کے دیگر افراد نے بھی ملک کی اعلیٰ ذمہ داریوں پر خدمات انجام دیں لیکن اس سب کے باوجود چوہدری شہباز حسین کی سادگی انکساری اور خوش اخلاقی میں کبھی فرق نہیں آیا وہ آج بھی اسی خلوص اور اپنائیت کے ساتھ اپنے دوستوں اور احباب سے ملتے ہیں چوہدری ممتاز اختر کاہلو کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہیہ بھی اپنی وسیع القلبی مہمان نوازی اور عوامی خدمت کے حوالے سے منفرد مقام رکھتے ہیں۔ ان کا دسترخوان ہمیشہ دوستوں اور مہمانوں کے لیے کھلا رہتا ہے اور بطور چیئرمین NAVTEC انہوں نے پورے پاکستان میں ٹیکنیکل تعلیم کے فروغ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے اور بے شمار نوجوانوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دیں محفل میں موجود مہر عبدالخالق لک سیکرٹری جنرل پاکستانی انوسٹمنٹ فورم نے اس ملاقات اور محفل کو سودمند قرار دیا اور کہا کہ وہ بطور سیکریٹری جنرل پاکستان انوسٹمنٹ فورم جہاں پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے مقامی تاجروں کو راغب کر رہے ہیں وہیں پاکستانی سرمایہ کاروں کی بھی سعودی عرب کے بارے میں رہنمائی کر رہے ہیں اسی نشست میں چوہدری اکرم فیض کے بھانجے کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا مرحوم کے لیے مغفرت درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کی گئی بعد ازاں سابق وفاقی وزیر چوہدری شہباز حسین نے اپنے روایتی خلوص کے ساتھ پرتکلف ضیافت سے تمام مہمانوں کی تواضع کی لذیذ کھانوں سے بڑھ کر محبت اپنائیت بے تکلف گفتگو اور ماضی کی حسین یادوں نے اس محفل کو ہمیشہ کے لیے یادگار بنا دیا دل تو یہی چاہتا تھا کہ یہ نشست یونہی جاری رہے اور ہماری دوستیوں محبتوں کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور ہمیں اسی طرح اخوت احترام اور باہمی اعتماد کے رشتوں میں جوڑے رکھے

کہوٹہ: مسلم لیگ ن کے سٹی صدر ڈاکٹر محمد عارف قریشی کی پریس کانفرنس

ڈاکٹر عارف نے پارٹی کی ڈھائی سالہ حکومتی کارکردگی اور ترقیاتی منصوبوں کو زبردست سراہا

کہوٹہ (ندیم آزاد) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی آفس کہوٹہ میں سٹی صدر ڈاکٹر محمد عارف قریشی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کی ڈھائی سالہ حکومتی کارکردگی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف، وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں ملک و قوم کی خدمت کے مشن پر گامزن ہے۔ ڈاکٹر محمد عارف قریشی نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ہر دورِ حکومت میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے، سڑکوں، گلیوں اور بنیادی انفراسٹرکچر کا جال بچھایا گیا، جبکہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا تاریخی کارنامہ بھی مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے انجام دیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں تحصیل سطح پر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے اور آئندہ بھی عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھے جائیں گے۔

لیاقت پور: ڈی ایس پی فیاض احمد خان کا جوڈیشل لاک آپ کا دورہ

ڈی ایس پی نے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی

لیاقت پور (رپورٹر امجد حسن ہاشمی) ڈی ایس پی لیاقت پور فیاض احمد خان کا دورہ جوڈیشل لاک آپ و عدالت سیکورٹی، اہلکار کو ہدایات جاری کیں۔ تفصیل کے مطابق موجودہ صورت حال کے تناظر میں ڈی ایس پی لیاقت پور فیاض احمد خان نے گزشتہ روز جوڈیشل حوالات لیاقت پور کا دورہ کرتے ہوئے، قیدیوں کی رہائشی، پنکھا، کولر، واش روم کی سہولیات، ہیڈ پرافیشنٹ کی کارکردگی اور لاک آپ کی سیکورٹی کا تفصیلی جائزہ لیا اور پیشہ ورانہ امور پر اہلکاروں کو ہدایات جاری کیں، دریں اثناء انہوں نے عدالت سیکورٹی کا جائزہ لیا اور اہلکاروں کو الرٹ رہنے اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ سیکورٹی فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔

راولپنڈی: ریس کورس اور کہوٹہ پولیس کی کارروائی، دو سنگین اشتہاری گرفتار

ایس پی سعد ارشد نے افسران کو سنگین مقدمات کی مانیٹرنگ اور چالان یکسو کرنے کی ہدایت کر دی

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دوہرے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے سابقہ دشمنی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے دو شہریوں کو قتل کر دیا تھا، ایس پی راول سعد ارشد کا راول آفس میں میٹنگ کا انعقاد، میٹنگ میں راول ڈویژن کے ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز نے شرکت کی، ایس پی راول نے تمام افسران سے فرداً فرداً زیرِ تفتیش مقدمات کی پراگرس کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ایس پی راول سعد ارشد کا کہنا تھا کہ قتل و سنگین مقدمات میں سینئر افسران روزانہ کی بنیاد پر فالو اپ اور پراگرس کی مانیٹرنگ کو یقینی بنائیں، کار و دیگر وہیکل چوری میں ملوث ملزمان کے خلاف مربوط حکمت عملی کے تحت کاروائیاں کی جائیں، زیرِ تفتیش مقدمات کو حقائق کی روشنی میں یکسو کیا جائے اور چالان پینڈنسی کلیئر کی جائے، تھانہ کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب مرکزی اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، اشتہاری نومبر 2022 سے پولیس کو مطلوب تھا، کہوٹہ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہو ⁂ گرفتار کر لیا، اشتہاری کے دو ساتھیوں کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے،

راولپنڈی: کلرسیداں کی سڑکیں حکومتی ترقیاتی دعووں پر بڑا سوالیہ نشان بن گئیں

علاقہ مکینوں کا وزیراعلیٰ مریم نواز سے چوآخالصہ اور کنوہا سڑکوں کی بحالی کا مطالبہ

مانگا منڈی (نامہ نگار) پیرا فورس کے مایہ ناز اور انتہائی محنتی افسر انسپکٹر مبشر احمد موج نے فرض شناسی اور اعلیٰ کردار کی نئی تاریخ رقم کر دی ایک شریف، عزت دار اور اچھے خاندان سے تعلق رکھنے والے انسپکٹر مبشر احمد کی بہترین تربیت ان کے روزمرہ کے کاموں اور ڈیوٹی سے صاف جھلکتی ہے۔ وہ اس سخت اور جھلساتی ہوئی گرمی میں بھی اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر اپنے علاقے میں دن رات انتہائی ایمانداری سے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ شدید دھوپ اور حبس کے باوجود وہ سارا دن فیلڈ میں موجود رہتے ہیں تاکہ علاقے سے ہر قسم کے ناجائز قبضے اور تجاوزات کو ختم کیا جاسکے، جس کی بدولت اب راستے صاف ہو چکے ہیں اور عوام کو آنے جانے میں کوئی مشکل پیش نہیں آ رہی۔ اس تیز گرمی میں بھی وہ بازاروں کا خود چکر لگاتے ہیں تاکہ اشیاء کی قیمتوں کو کنٹرول میں رکھا جاسکے اور مہنگے داموں چیزیں بیچنے والے منافع خوروں پر کڑی نظر رکھی جاسکے تاکہ غریب اور عام لوگوں کو صحیح ریٹ پر سامان مل سکے۔ علاقے کے عوام کا کہنا ہے کہ انسپکٹر مبشر احمد موج ایک انتہائی ایماندار، نیک اور صاف دل انسان ہیں جن کی دیانت داری پر کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا وہ قانون توڑنے والوں کے خلاف بہت سخت ہیں لیکن ان کا اخلاق اتنا اچھا ہے کہ وہ عام اور غریب شہریوں کے لیے بہت نرم دل ہمدرد اور مددگار ہیں تپتی گرمی میں ان کی اس ایمانداری، اچھے اخلاق اور محنت کو دیکھ کر علاقے کے لوگ ان سے اور زیادہ محبت اور دل سے عزت کرتے ہیں۔ انہوں نے موسم کی سختیوں کو بھول کر اپنی زبردست ڈیوٹی اور اچھے کردار سے پورے علاقے کو پرامن اور صاف ستھرا بنا دیا ہے جس پر پیرا فورس کے محکمے اور علاقے کے تمام لوگوں کو ان کی شخصیت اور کام پر بے حد فخر ہے

سیالکوٹ: تیز رفتار کالج بس کی رکشہ کو ٹکر، چار افراد زخمی

ریسکیو ٹیموں نے تین شدید زخمیوں کو علامہ اقبال میموریل ہسپتال منتقل کر دیا

آزاد کشمیر الیکشن مہم: ڈاکٹر نجیب نقی کے اعزاز میں مشاورتی اجلاس، مسلم لیگ (ن) قیادت کی بھرپور شرکت کہوٹہ (ندیم آزاد) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حالیہ انتخابات کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ایک اہم مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس کی میزبانی ممبر پنجاب اسمبلی حلقہ PP-6 بلال یامین ستی نے کی، جبکہ مہمانِ خصوصی آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حلقہ LA-23 کے امیدوار ڈاکٹر نجیب نقی تھے۔ اجلاس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی و مقامی قیادت نے بھرپور شرکت کی، جن میں ممبر قومی اسمبلی ملک شاکر بشیر اعوان،